باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت — ABC CERTIFIED

www.dailymumtaz.com — mumtazisb9@gmail.com — dailymumtazofficial — @Dailymumtaz1

روزنامہ ممتاز

THE DAILY MUMTAZ RAWALPINDI-ISLAMABAD

راولپنڈی — اسلام آباد

رجسٹرڈ نمبر NRP-002

بانی: عبداللہ بٹ

صفحات 6 قیمت 15 روپے

جلد 04 — بدھ، 20 مئی 2026، 3 ذوالحجہ 1447ھ، 7 جیٹھ 2082ب — نمبر 319

خبردار

ان گھوڑوں کی قسم جو ہانپتے ہوئے دوڑتے ہیں۔ پھر (پتھر پر) ٹاپ مار کر آگ جھاڑتے ہیں۔ پھر صبح کے وقت دھاوا کرتے ہیں۔ پھر اس وقت غبار اُڑاتے ہیں۔ پھر اس وقت دشمنوں کی جماعت میں جا گھستے ہیں۔ بے شک انسان اپنے رب کا بڑا ناشکرا ہے۔ اور بے شک وہ اس بات پر خود شاہد ہے۔ اور بے شک وہ مال کی محبت میں بڑا سخت ہے۔ پس کیا وہ نہیں جانتا جب اکھاڑا جائے گا جو کچھ قبروں میں ہے۔ اور جو دلوں میں ہے وہ ظاہر کیا جائے گا۔ بے شک ان کا رب ان سے اس دن خوب خبردار ہوگا۔ (سورۃ العادیات، آیت نمبر 1 تا 11)

(قرآنی آیات اور حدیث نبوی کا احترام سب پر لازم ہے)

MUST STUDIO

ایران کے پاس وقت کم، ٹرمپ کا نئے حملے کا عندیہ، تہران کی نئے محاذ کھولنے کی دھمکی

اگلے ہفتے کی ابتدا تک معاہدہ نہ ہوا تو دوبارہ حملہ کر سکتے ہیں، امریکی صدر، ہم بالکل تیار ہیں، ٹرمپ مہم جوئی نہیں چاہتے، جے ڈی وینس، ایرانی مالیاتی اور شپنگ نیٹ ورکس پر نئی پابندیاں عائد

سیز فائر کے دوران عسکری صلاحیتوں میں اضافہ کیا، ترجمان ایرانی فوج، امریکہ کو ہماری شرائط کے سامنے ہتھیار ڈالنا ہوں گے، ابراہیم رضائی، عراقچی کا ترک ہم منصب سے رابطہ، مشاورت پر اتفاق

واشنگٹن (ممتاز نیوز) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کا کہنا ہے کہ ایران کے پاس کسی معاہدے تک پہنچنے کے لیے محدود وقت بچا ہے کیونکہ امریکہ اسے جوہری ہتھیار حاصل نہیں کرنے دے سکتا۔ منگل کو واشنگٹن میں صحافیوں سے بات کرتے ہوئے صدر ٹرمپ نے خبردار کیا کہ معاہدہ نہ ہونے کی صورت میں امریکہ دوبارہ ایران پر حملہ کر سکتا ہے۔ انھوں نے مزید کہا (باقی صفحہ 4 بقیہ نمبر 4)

تہران (ممتاز نیوز) ایرانی فوج نے خبردار کیا ہے کہ اگر دشمن دوبارہ اسرائیل کے جال میں آکر ایران کے خلاف کسی نئی جارحیت کا ارتکاب کرتا ہے تو ایرانی مسلح افواج نئے (باقی صفحہ 4 بقیہ نمبر 5)

وزیراعظم، فیلڈ مارشل کا دورہ کوئٹہ، ایپکس کمیٹی اجلاس، امن دشمن کسی رعایت کے مستحق نہیں، انسداد دہشتگردی کارروائیاں مزید تیز کرنے کا فیصلہ

پاکستان علاقائی طاقت بن چکا

دنیا میں امن کیلئے کردار جاری، قومی سالمیت کا ہر قیمت پر دفاع کرینگے، وزیراعظم

آپریشن غضب للحق پوری قوت سے جاری رہے گا، شہباز شریف، پروپیگنڈے، فیک نیوز یا دہشتگردی سے پاکستان کی ترقی کو روکا نہیں جا سکتا، CDF عاصم منیر

جنگی طریقہ کار بدل رہا، افسران چیلنجز سے باخبر رہیں، کمانڈ اینڈ سٹاف کالج کوئٹہ میں زیر تربیت افسران سے خطاب، بلوچستان میں معدنیات کے تحفظ کے لئے ایف سی تعینات کرنے کا فیصلہ

کوئٹہ (ممتاز نیوز) وزیراعظم شہباز شریف نے کہا ہے کہ دہشت گردی کیخلاف آپریشن غضب للحق پوری قوت اور عزم کیساتھ جاری رہے گا، پاکستان ایک نیٹ ریجنل سٹیبلائزر کے طور پر خطے اور دنیا میں امن، استحکام اور ترقی کے لیے اپنا کردار ادا کر رہا ہے۔ منگل (باقی صفحہ 4 بقیہ نمبر 9)

راولپنڈی (وقائع نگار) چیف آف ڈیفنس فورسز فیلڈ مارشل عاصم منیر نے کہا ہے کہ پراپیگنڈے، فیک نیوز یا بیرونی سرپرستی میں دہشتگردی سے پاکستان کی ترقی نہیں روکی جا سکتی، مسلح افواج عوام کی غیر متزلزل حمایت کے ساتھ ہر قسم کی دہشت گردی کے مکمل خاتمے کے (باقی صفحہ 4 بقیہ نمبر 8)

کوئٹہ، وزیراعظم اور فیلڈ مارشل کمانڈ اینڈ سٹاف کالج میں زیر تربیت افسران سے خطاب کر رہے ہیں

ڈار سے مختلف ملکوں میں تعینات سفراء کی ملاقاتیں

تجارت، عوامی تبادلوں، دوطرفہ تعاون کو مزید وسعت دینے کے عزم کا اعادہ

برادر ممالک سے شراکت داری کو مزید مضبوط بنائیں گے، نائب وزیراعظم

اسلام آباد (وقائع نگار) نائب وزیراعظم اور وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار سے ایران، سعودی عرب اور متحدہ عرب امارات میں تعینات پاکستانی سفیرنے ملاقات کی (باقی صفحہ 4 بقیہ نمبر 6)

مودی کی اوسلو پارلیمنٹ میں آمد پر احتجاجی مظاہرہ

اوسلو (این این آئی) بھارتی وزیراعظم نریندر مودی کے ناروے کے دورے کے موقع پر تحریک کشمیر ناروے، سیاسی، سماجی اور مذہبی رہنماؤں سمیت پاکستانی اور کشمیری (باقی صفحہ 4 بقیہ نمبر 7)

شمالی وزیرستان، فورسز کا آپریشن، فتنہ الخوارج کے 22 دہشتگرد ہلاک

اسلحہ اور گولہ بارود بھی برآمد، بھارتی سرپرستی میں سرگرم خوارج متعدد حملوں میں ملوث تھے، آئی ایس پی آر

مقامی آبادی کو ڈھال بنانا فتنہ الخوارج کی سفاکیت کا ثبوت ہے، صدر، وزیراعظم، وزیر داخلہ کا فورسز کو خراج تحسین

راولپنڈی (وقائع نگار) سکیورٹی فورسز نے شمالی وزیرستان میں آپریشن کے دوران بھارتی سرپرستی یافتہ 22 خوارج کو ہلاک کر دیا ہے۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ آئی ایس پی آر کے مطابق 17 مئی سے شمالی وزیرستان کے علاقے شیوہ میں کلیئرنس وسینیٹائزیشن (باقی صفحہ 4 بقیہ نمبر 10)

جنگ، مذاکرات، خلیجی دباؤ کے درمیان نئی سفارتی بساط

بلوچستان میں دہشت گردی اور بیرونی مداخلت، حکومت کیلئے بڑا امتحان

مہنگائی سے معیشت پر بحران کے سائے گہرے، عوام شدید بے چینی کا شکار

اڈیالہ مارچ روکنے کی حکمت عملی، انتظامیہ نے احتجاج کو زیادہ نمایاں کر دیا

اسلام آباد (طارق محمود سمیر سے) ایران اور امریکہ کے درمیان روزانہ کی بنیاد پر دھمکی آمیز بیانات کیساتھ ساتھ مفاہمت، مذاکرات اور متوقع معاہدے کی بھی (باقی صفحہ 4 بقیہ نمبر 11)

ECC اجلاس، دانش سکولوں کیلئے 3.91 ارب کی ضمنی گرانٹ منظور

پاکستان نیشنل شپنگ کارپوریشن کی تنظیم نو کی اصولی منظوری، 30 فیصد حصص فروخت کئے جائیں گے

پہلی 5 سالہ جیم سٹون پالیسی، سکلز ڈویلپمنٹ پروگرام کیلئے 3 ارب 91 کروڑ کی ضمنی گرانٹ منظور

اسلام آباد (کامرس رپورٹر) کابینہ کی اقتصادی رابطہ کمیٹی (ای سی سی) نے پاکستان نیشنل شپنگ کارپوریشن کی تنظیم نو کی اصولی منظوری دیدی ہے جس کے تحت کارپوریشن کے 30 فیصد حصص فروخت کئے جائیں گے، اجلاس میں پاکستان کے قیمتی پتھروں کی صلاحیت (باقی صفحہ 4 بقیہ نمبر 12)

اسلام آباد، تحریک انصاف کے احتجاج کے پیش نظر وفاقی پولیس نے سڑک کو بلاک کر رکھا ہے

سہیل آفریدی کا روکنے پر 26 نمبر چونگی پر دھرنا، رات گئے مذاکرات کامیاب، ٹریفک بحال

کنٹینر لگا کر راستے بند کرنے سے گاڑیوں کی لمبی لائنیں، مسافروں کو شدید مشکلات، ایم این اے انور تاج گرفتار، وزیراعلیٰ کی پولیس سے تلخ کلامی

بیرسٹر گوہر کے آنے پر دھرنا ختم کیا گیا، وزیراعلیٰ کا آج پریس کانفرنس کا اعلان، صوبے کے چیف ایگزیکٹو، کابینہ کو روکنا امتیازی سلوک ہے، سہیل آفریدی

اسلام آباد (وقائع نگار) اسلام آباد میں 26 نمبر چونگی پر وزیراعلیٰ سہیل آفریدی کی قیادت میں دھرنا رات گئے ختم ہوگیا۔ تحریک انصاف کے رہنماؤں سے اسلام آباد پولیس کے سڑک کھولنے کے حوالے سے مذاکرات کامیاب ہوگئے، اسلام آباد پولیس نے کئی گھنٹوں سے بند کی گئی سڑک کو کھول دیا، ایئرپورٹ سے آنے والے راستے کو کھول دیا گیا۔ وزیراعلیٰ کے پی کے (باقی صفحہ 4 بقیہ نمبر 13)

لاہور، صدر مسلم لیگ ن میاں نواز شریف سے ازبک سفیر علی شیر تختیوف ملاقات کر رہے ہیں

نواز شریف سے ازبک سفیر کی ملاقات، اہم امور پر گفتگو

سفیر کا مختلف شعبوں میں باہمی تعاون کو مزید وسعت دینے کی خواہش کا اظہار

دونوں ممالک کے درمیان تعلقات کو مزید مستحکم کیا جا سکتا ہے، صدر مسلم لیگ ن

لاہور (نیوز رپورٹر) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے صدر محمد نواز شریف سے ازبکستان کے سفیر علی شیر تختیوف نے ملاقات کی۔ ملاقات کے دوران پاکستان اور ازبکستان (باقی صفحہ 4 بقیہ نمبر 14)

پاک روس مشاورتی اجلاس، عالمی سلامتی زیر بحث

صدارت روسی نائب وزیر خارجہ، ایڈیشنل سیکرٹری پاکستانی وزارت خارجہ نے کی

دونوں ممالک کا عالمی سطح پر درپیش چیلنجز کے حل کیلئے مشاورت پر اتفاق

ماسکو (ممتاز نیوز) روس اور پاکستان نے سٹریٹجک استحکام سے متعلق مشاورتی گروپ کے 16ویں اجلاس میں عالمی سلامتی، اسلحہ کنٹرول، تخفیف اسلحہ اور عدم (باقی صفحہ 4 بقیہ نمبر 15)

KP حکومت کا سوا 2 لاکھ ٹن گندم خریدنے کا اعلان

پشاور (بیورو رپورٹ) خیبر پختونخوا حکومت نے زمینداروں سے 2 لاکھ 25 ہزار ٹن گندم خریدنے کا اعلان کر دیا۔ اپنے بیان (باقی صفحہ 4 بقیہ نمبر 16)

بھارت کیلئے پاکستانی فضائی حدود 23 جون تک بند

کراچی (نیوز رپورٹر) بھارتی پروازوں کے لیے پاکستانی فضائی حدود کی بندش میں 23 جون تک توسیع کر دی گئی ہے (باقی صفحہ 4 بقیہ نمبر 17)

باکو ورلڈ اربن فورم، مریم نواز کا پنجاب پویلین کا افتتاح، تفصیلی معائنہ

آئی گیجٹس سے اپنی چھت، اپنا گھر پروگرام کا لائیو ورچوئل وزٹ، تعمیراتی ڈاکومنٹری سٹوری بھی دیکھی

شرکاء کو افورڈایبل اربن ہاؤسنگ منصوبہ پر بریفنگ، اپنا گھر پروگرام دل کے بہت قریب ہے، مریم نواز

لاہور (نیوز رپورٹر) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے آذربائیجان کے شہر باکو میں منعقدہ ’’ورلڈ اربن فورم‘‘ میں پنجاب پویلین کا افتتاح کر دیا۔ وزیر اعلیٰ مریم (باقی صفحہ 4 بقیہ نمبر 18)

وزیراعلیٰ مریم نواز باکو ورلڈ اربن فورم میں پنجاب پویلین کے افتتاح کے بعد آئی گیجٹس کی مدد سے ’’اپنی چھت اپنا گھر‘‘ پراجیکٹ کا ورچوئل معائنہ کر رہی ہیں

کشیدگی خاتمہ، قطر کاوشیں تیز، پاکستان کی تعریف

پاکستان نے مسئلے کے حل کیلئے سنجیدگی کا مظاہرہ کیا، وزارت خارجہ

کسی بھی ملک کو آبنائے ہرمز تک رسائی روکنے کا حق نہیں، ترجمان ماجد الانصاری

دوحہ (این این آئی) قطری وزارت خارجہ نے کہا ہے کہ علاقائی رہنماؤں اور جنگ میں شامل فریقین کے درمیان رابطے تاحال جاری ہیں، خطے میں کشیدگی کم کرنے (باقی صفحہ 4 بقیہ نمبر 19)

بانی صحت، مہنگائی، PTI کا جمعہ سے ملک گیر احتجاجی تحریک کا اعلان

بنیادی انسانی حقوق سلب، انصاف کی امید ختم، عمران، بشریٰ بی بی کو ہسپتال منتقل، ملاقاتوں کی اجازت دی جائے

موجودہ حکومتی رویہ برقرار رہا تو ایوان چلنے دینگے نہ بجٹ منظور ہونے دیا جائے گا، اسد قیصر کی اجلاس کے بعد گفتگو

اسلام آباد (نمائندہ خصوصی) پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) کی پارلیمانی پارٹی نے ملک گیر احتجاجی تحریک شروع کرنے کا اعلان کرتے ہوئے جمعہ کے روز ملک بھر میں مظاہروں کی کال دے دی۔ یہ اعلان پارلیمنٹ ہاؤس کے باہر پارٹی کے مرکزی رہنماؤں (باقی صفحہ 4 بقیہ نمبر 20)

اسلام آباد، پی ٹی آئی رہنما اسد قیصر اپوزیشن اجلاس کے بعد میڈیا سے گفتگو کر رہے ہیں

آئیسکو، فیسکو، گیپکو نجکاری کیلئے پیشکش طلب

فیسکو 7 جولائی، گیپکو 6 اگست، آئیسکو کیلئے 7 ستمبر تک پیشکش جمع ہونگی

اسلام آباد (وقائع نگار) حکومت پاکستان نے نجکاری کمیشن کے ذریعے بجلی کی تین بڑی تقسیم کار کمپنیوں فیصل آباد الیکٹرک سپلائی کمپنی (FESCO)، (باقی صفحہ 4 بقیہ نمبر 21)

عمران خان کا اڈیالہ جیل میں ڈیڑھ گھنٹہ طبی معائنہ

طبی معائنہ ڈاکٹر عارف، پروفیسر ندیم نے کیا، ماہر امراض چشم بھی شامل تھے

راولپنڈی (وقائع نگار) بانی پی ٹی آئی کا اڈیالہ جیل میں طبی معائنہ مکمل کر لیا گیا جس کے بعد ڈاکٹرز میڈیکل ٹیم کے ہمراہ اڈیالہ جیل سے واپس روانہ ہو گئے ہیں، ذرائع کے (باقی صفحہ 4 بقیہ نمبر 22)

بشریٰ بی بی کی قید تنہائی معاملہ ہائیکورٹ پہنچ گیا

اسلام آباد (این این آئی) بانی پی ٹی آئی عمران خان کے بعد ان کی اہلیہ (باقی صفحہ 4 بقیہ نمبر 23)

مذاکرات کا چینل کھلا رہنا چاہیے، بیرسٹر گوہر

راولپنڈی (نمائندہ خصوصی) چیئرمین پاکستان تحریک انصاف بیرسٹر گوہر نے کہا ہے کہ سیاسی مسائل کا حل سیاسی (باقی صفحہ 4 بقیہ نمبر 24)

نیب ایکشن: بحریہ ٹاؤن کی 4488 ایکڑ اراضی منجمد، ملک ریاض کی رہائشگاہ سیل

بحریہ ٹاؤن کراچی میں علی ولا 67 ایکڑ پر قائم، ہیلی پیڈ، چڑیا گھر، سوئمنگ پولز سمیت جدید سہولیات دستیاب ہیں

اراضی دھوکہ دہی کے ذریعے حاصل کرنے کا الزام، بحریہ ٹاؤن 2 جامشورو کی اراضی کا قبضہ بھی حاصل کر لیا گیا

کراچی، جامشورو (وقائع نگار) قومی احتساب بیورو (نیب) کراچی کی جانب سے جاری کردہ فریزنگ احکامات پر (باقی صفحہ 4 بقیہ نمبر 25)

اسلام آباد، وفاقی وزیر خزانہ سینیٹر محمد اورنگزیب اقتصادی رابطہ کمیٹی کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

200 یونٹس تک بجلی سبسڈی ختم ہونے کی تردید

حکومت کا فی الحال ایسی کوئی تجویز لانے کا ارادہ نہیں، وزارت توانائی

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) 200 یونٹس تک بجلی استعمال کرنے والے صارفین کیلئے سبسڈی ختم کرنے کی خبروں کے بعد وزارت توانائی نے واضح کیا ہے کہ حکومت (باقی صفحہ 4 بقیہ نمبر 26)

تعلیمی اداروں میں منشیات کا نوٹس، HEC انتظامیہ سے رپورٹ طلب

پہلے دن سے کہہ رہا ہوں منشیات رائیڈر اور ڈیلیوری بوائے کے ذریعے منتقل ہوتی ہے، جسٹس انعام امین، دوران سماعت پنکی کا بھی تذکرہ

تعلیمی اداروں کی مانیٹرنگ رپورٹ پیش کی جائے، عدالت کا اسلام آباد ضلعی انتظامیہ کو منشیات کیخلاف موثر اقدامات کی نگرانی یقینی بنانے کا حکم

اسلام آباد (ممتاز نیوز) اسلام آباد ہائیکورٹ نے تعلیمی اداروں میں منشیات کے خاتمے سے متعلق ایچ ای سی، پولیس اور ضلعی انتظامیہ سے مانیٹرنگ رپورٹ طلب کر لی جبکہ سماعت کے دوران منشیات کیس میں گرفتار انمول پنکی کیس کا بھی تذکرہ کیا گیا۔ منگل کو اسلام آباد ہائیکورٹ میں تعلیمی اداروں میں منشیات کے خاتمے سے متعلق کیس کی سماعت ہوئی، جہاں عدالت نے ایچ ای سی سے یونیورسٹیوں میں منشیات کیخلاف اقدامات کی رپورٹ طلب کر لی۔ جسٹس انعام امین منہاس نے کیس کی سماعت کی، دوران سماعت عدالت نے وزارت تعلیم کو ہدایت کی کہ منشیات کے خاتمے سے متعلق رولز وفاقی حکومت سے منظور کروائے جائیں۔ عدالت نے ایچ ای سی کو مانیٹرنگ کمیٹی میں اے این ایف اور پولیس کو شامل کرنے کی ہدایت بھی کی۔ سماعت کے دوران منشیات کیس میں گرفتار انمول پنکی کیس کا بھی تذکرہ کیا گیا، وکیل درخواست گزار کاشف ملک نے موقف اختیار کیا کہ کراچی میں زیر سماعت ایک کیس میں رائیڈرز اور ڈیلیوری بوائز کے منشیات کی ترسیل میں ملوث ہونے کا انکشاف ہوا ہے۔ اس پر جسٹس انعام امین منہاس نے ریمارکس دیے کہ وہ پہلے دن سے کہہ رہے ہیں کہ منشیات رائیڈرز اور ڈیلیوری بوائز کے ذریعے منتقل ہوتی ہے۔ ایچ ای سی (باقی صفحہ 4بقیہ نمبر 1)

وفاقی وزیر رانا تنویر حسین قومی گندم نظرثانی کمیٹی کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

موبائل فون کی درآمدات میں 29فیصد سے زائد اضافہ

10 ماہ میں درآمدات حجم ایک ارب 62 کروڑ ڈالر سے تجاوز کر گیا

مقامی سطح پر موبائل فون مینوفیکچرنگ اور اسمبلنگ میں بھی اضافہ

اسلام آباد (نیوز رپورٹر) پاکستان میں موبائل فون کی درآمدات میں نمایاں اضافہ ریکارڈ کیا گیا ہے، 10 ماہ کے دوران درآمدات کا حجم ایک ارب 62 کروڑ ڈالر سے تجاوز کر گیا ہے جبکہ مقامی سطح پر موبائل فون کی مینوفیکچرنگ اور اسمبلنگ میں بھی تیزی دیکھی جا رہی ہے۔ سرکاری اعداد و شمار کے مطابق پاکستان میں موبائل فون کی درآمدات میں 29 فیصد سے زائد اضافہ ہوا ہے، جولائی سے اپریل کے دوران موبائل فون درآمدات کا مجموعی حجم ایک ارب 62 کروڑ ڈالر تک پہنچ گیا ہے، گزشتہ مالی سال اسی عرصے میں یہ حجم ایک ارب 25 کروڑ ڈالر تھا۔ رپورٹ کے مطابق صرف اپریل میں موبائل فون درآمدات 176 ملین ڈالر رہیں جو گزشتہ سال کے مقابلے میں 19 فیصد زیادہ ہیں جبکہ سالانہ بنیاد پر یہ اضافہ 41 فیصد تک ریکارڈ کیا گیا ہے۔ روپے کی بنیاد پر دیکھا جائے تو موبائل فون درآمدات کا مجموعی حجم 455 ارب روپے رہا جبکہ گزشتہ سال اسی مدت میں یہ 349 ارب روپے تھا، مالی سال 2024-25 میں مجموعی موبائل فون درآمدات ایک ارب 49 کروڑ ڈالر ریکارڈ کی گئی تھیں دوسری جانب ملک میں مقامی سطح پر موبائل فون مینوفیکچرنگ اور اسمبلنگ میں بھی اضافہ دیکھا گیا، مارچ 2026 میں مقامی صنعت نے 27 لاکھ سے زائد موبائل فون تیار یا اسمبل کیے۔

راولپنڈی، جوہر آباد کربلا بن گیا، ایک ہفتہ سے پانی بند

خواتین، بزرگوں اور بچوں کو شدید پریشانی، روزمرہ زندگی متاثر

واسا فوری نوٹس لیکر پانی بحال کرے، راجہ ساجد محمود عباسی

راولپنڈی (وقائع نگار) ممتاز مسلم لیگی رہنما اور مرکزی انجمن تاجران خالق داد خان روڈ اصغر مال راولپنڈی کے صدر راجہ ساجد محمود عباسی نے اپنے ایک اخباری بیان میں کہا ہے کہ گزشتہ ایک ہفتے سے محلہ جوہر آباد میں پانی کی سپلائی بند ہونے کے باعث علاقہ مکین شدید مشکلات سے دوچار ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پانی جیسی بنیادی سہولت کی مسلسل عدم فراہمی نے شہریوں کی روزمرہ زندگی کو بری طرح متاثر کیا ہے جبکہ خواتین، بزرگوں اور بچوں کو سب سے زیادہ پریشانی کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے۔ راجہ ساجد محمود عباسی نے کہا کہ اہل علاقہ پانی کے حصول کے لیے دور دراز علاقوں کا رخ کرنے پر مجبور ہیں، جس سے عوام میں شدید بے چینی پائی جاتی ہے۔ انہوں نے متعلقہ اداروں اور واسا کے حکام سے مطالبہ کیا کہ وہ صورتحال کا فوری نوٹس لیتے ہوئے محلہ جوہر آباد میں پانی کی سپلائی بلا تاخیر بحال کریں تاکہ شہریوں کی مشکلات کا خاتمہ ممکن بنایا جا سکے۔ انہوں نے مزید کہا کہ بنیادی سہولیات کی فراہمی حکومت اور متعلقہ اداروں کی ذمہ داری ہے، لہٰذا عوام کو اس طرح کی اذیت میں مبتلا رکھنا کسی صورت مناسب نہیں۔ اہل علاقہ نے بھی واسا حکام سے فوری عملی اقدامات کا مطالبہ کیا ہے۔

وفاقی وزیر ثقافت اورنگزیب کھچی کا اردن کے سفیر کیساتھ ملاقات کے موقع پر گروپ فوٹو

FBR کے ماتحت تمام دفاتر 23 اور 24 مئی کو کھلے رہیں گے

اسلام آباد (وقائع نگار) ٹیکس دہندگان کی سہولت کو مدنظر رکھتے ہوئے ایف بی آر نے ہدایت جاری کی ہے کہ تمام بڑے ٹیکس دہندگان دفاتر (LTOs)، درمیانے ٹیکس دہندگان دفاتر (MTOs)، کارپوریٹ ٹیکس دفاتر (CTOs) اور علاقائی ٹیکس دفاتر (RTOs) ہفتہ و اتوار 23 اور 24 مئی 2026 کو کھلے رہیں گے۔ یہ دفاتر 23 اور 24 مئی 2026 کو ڈیوٹیز اور ٹیکسوں کی وصولی کے لیے معمول کے مطابق کام کریں گے۔

متنازعہ ٹویٹس کیس، ایمان مزاری، شوہر کی سزا معطلی کی درخواستیں آج مقرر

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) متنازع ٹویٹس کیس میں ایمان مزاری اور ان کے شوہر کی سزا معطلی کی درخواستیں سماعت کیلئے اسلام آباد ہائیکورٹ میں مقرر کر دی گئیں۔ ایمان مزاری اور ہادی علی چٹھہ کا سزا معطلی کیس مقرر کرنے کی متفرق درخواستیں (آج) بدھ کو سماعت کیلئے مقرر کی گئی ہیں۔ اسلام آباد ہائیکورٹ کے رجسٹرار آفس نے درخواستیں مقرر کرنے کی کاز لسٹ جاری کر دی۔ سپریم کورٹ نے اسلام آباد ہائیکورٹ کو سزا معطلی درخواستوں پر 2 ہفتے میں فیصلہ کرنے کی ہدایت کی تھی، ایمان مزاری اور ہادی علی کے وکلا نے فیصلے کی کاپی متفرق درخواست کے ساتھ جمع کروا دی۔

ٹریفک خلاف ورزیاں، راولپنڈی میں کریک ڈاؤن کا اعلان

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) چیف ٹریفک آفیسر محمد سرفراز ورک نے ٹریفک قوانین کی خلاف ورزیوں کے خلاف سخت کریک ڈاؤن کا اعلان کرتے ہوئے کہا ہے کہ ٹریفک قوانین کی خلاف ورزیاں شہریوں کی جانوں کیلئے خطرہ ہیں، عوام ذمہ داری کا مظاہرہ کرتے ہوئے قوانین پر عمل کریں۔ تفصیلات کے مطابق چیف ٹریفک آفیسر اسلام آباد محمد سرفراز ورک نے شہریوں کے نام اپنے ایک خصوصی ویڈیو پیغام میں ٹریفک قوانین کی پاسداری کی اہمیت پر زور دیتے ہوئے کہا ہے کہ لین وائلیشن، غلط سمت ڈرائیونگ اور لاپرواہی و غفلت سے گاڑی چلانا نہ صرف اپنی بلکہ دیگر روڈ یوزرز کی زندگیوں کو بھی شدید خطرات سے دوچار کرتا ہے۔

اسلام آباد، وفاقی پارلیمانی سیکرٹری بیرسٹر دانیال چوہدری کیساتھ این پی سی کے صدر عبدالرزاق سیال، سیکرٹری فرقان راؤ و دیگر کا گروپ فوٹو

دانیال چوہدری کی صحافیوں کے مسائل حل کیلئے تعاون کی یقین دہانی

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) وفاقی پارلیمانی سیکرٹری برائے اطلاعات و نشریات دانیال چوہدری نے نیشنل پریس کلب اسلام آباد کی نو منتخب قیادت کو مبارکباد دیتے ہوئے میڈیا ٹاؤن فیز ٹو سمیت صحافی برادری کے مسائل کے حل کیلئے ہر ممکن تعاون کی یقین دہانی کرائی ہے جبکہ بھارہ کہو ہاؤسنگ اسکیم، ایف چودہ اور ایف پندرہ میں صحافیوں کیلئے پلاٹس ترجیحی بنیادوں پر جاری کیے جائیں گے۔ انہوں نے نیشنل پریس کلب کیلئے ایک کروڑ روپے کی خصوصی گرانٹ کا اعلان بھی کیا۔ نیشنل پریس کلب اسلام آباد کے دورے کے موقع پر وفاقی پارلیمانی سیکرٹری اطلاعات و نشریات دانیال چوہدری کا صدر عبدالرزاق سیال، سیکرٹری ڈاکٹر فرقان راؤ اور دیگر عہدیداران نے پرتپاک استقبال (باقی صفحہ 4بقیہ نمبر 3)

اوقات نماز

فجر	4:30	طلوع آفتاب	5:03
ظہر	1:30	عصر	5:30
مغرب	7:03	عشاء	9:00

موسم

بدھ کے روز ملک کے بیشتر علاقوں میں موسم گرم اور خشک جبکہ جنوبی/وسطی علاقوں میں شدید گرم رہے گا۔ تاہم شام/رات کے اوقات میں بالائی گلگت بلتستان، کشمیر اور ملحقہ پہاڑی علاقوں میں چند مقامات پر گرج چمک کے ساتھ بارش کا امکان ہے۔

NFC میں GB شیئر کی مخالفت نہیں کی، نیئر بخاری

وزیر اعلیٰ جی بی آئین سے ناواقف، عوام کو گمراہ کر رہے ہیں، بیان

اسلام آباد (نیوز رپورٹر) سیکرٹری جنرل پاکستان پیپلز پارٹی نیئر حسین بخاری نے کہا ہے کہ پیپلز پارٹی نے این ایف سی ایوارڈ میں گلگت بلتستان کے شیئر کی مخالفت نہیں کی، آئین کے آرٹیکل 1 میں پاکستان کی حدود اور علاقے واضح ہیں آئین کا آرٹیکل 60 نیشنل فنانس کمیشن سے متعلق ہے۔ اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ پیپلز پارٹی نے آئین کے آرٹیکل 60 میں ترمیم کرائی انہوں نے کہا کہ وزیر اعلیٰ گلگت بلتستان آئین سے ناواقف ہیں، عوام کو گمراہ کر رہے ہیں، پیپلز پارٹی نے این ایف سی ایوارڈ میں گلگت بلتستان کے شیئر کی مخالفت نہیں کی، این ایف سی کے تحت صوبوں کو 56 فیصد جبکہ وفاق کو 44 فیصد وسائل تقسیم کیے گئے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پیپلز پارٹی این ایف سی میں گلگت بلتستان کے شیئر کی قطعاً مخالفت نہیں کرتی۔ انہوں نے کہا کہ وزیر اعلیٰ گلگت بلتستان اپنی قیادت سے کہیں آئین میں ترمیم کر کے گلگت بلتستان کو شامل کرے، وفاق گلگت بلتستان اور آزاد کشمیر کو اپنے وسائل سے مزید فنڈز مہیا کرے۔

مارگلہ ہیوی انڈسٹریز، جولٹا الیکٹرک کا گاڑیوں کا معاہدہ

الیکٹرک گاڑیاں اداروں، کارپوریٹ سیکٹر، نجی صارفین کو دی جائینگی

اسلام آباد (نیوز رپورٹر) پاکستان میں الیکٹرک گاڑیوں کی صنعت کے فروغ کیلئے ایک بڑی پیش رفت سامنے آ گئی۔ مارگلہ ہیوی انڈسٹریز اور جولٹا الیکٹرک کے درمیان الیکٹرک گاڑیوں کی تیاری کیلئے مشترکہ منصوبے پر دستخط کر دیئے گئے۔ معاہدے پر جولٹا الیکٹرک کے چیئرمین ڈاکٹر محمد امجد اور مارگلہ ہیوی انڈسٹریز کے سی ای او احسن ندیم نے دستخط کیے۔ اس موقع پر جولٹا الیکٹرک کے مینیجنگ ڈائریکٹر شاہزیب امجد اور دیگر حکام بھی موجود تھے۔ مشترکہ منصوبے کے تحت الیکٹرک گاڑیاں پاکستان بھر میں سرکاری اداروں، کارپوریٹ سیکٹر اور نجی صارفین کو فراہم کی جائیں گی۔ منصوبے میں جدید "سوا پیپل بیٹری ایکو سسٹم" کی ترقی پر بھی کام کیا جائے گا۔ دو اور تین ویلر الیکٹرک گاڑیوں کے بعد یہ مشترکہ منصوبہ 4 ویلر الیکٹرک گاڑیوں کی تیاری کا بھی آغاز کرے گا۔

ایس پی ہیڈکوارٹر پرنگل عبدالاعلیٰ سیکورٹی انتظامات سے متعلق اجلاس کی صدارت کر رہی ہیں

کہوٹہ، تین نوجوان برساتی نالے میں ڈوب کر جاں بحق

نوجوان نہاتے ہوئے ڈوبے، تینوں کی لاشیں نکال لی گئیں

راولپنڈی (کرائم رپورٹر) تحصیل کہوٹہ کے گاؤں نوگراں میں تین نوجوان ڈوب کر جاں بحق ہو گئے۔ جاں بحق ہونے والے نوجوان برساتی نالے میں نہا رہے تھے کہ ڈوب گئے، ریسکیو کی امدادی ٹیموں نے تینوں نوجوانوں کی لاشیں پانی سے نکال لیں۔ تفصیلات کے مطابق تحصیل کہوٹہ کے گاؤں نوگراں میں تین نوجوان ڈوب کر جاں بحق ہو گئے۔ جاں بحق ہونے والے نوجوان برساتی نالے میں نہا رہے تھے کہ ڈوب گئے، ریسکیو کی امدادی ٹیموں نے تینوں نوجوانوں کی لاشیں پانی سے نکال لیں ریسکیو حکام کے مطابق جاں بحق ہونے والوں کی شناخت سفیان، عبدالرحمان اور عزیز کے نام سے ہوئی، جاں بحق نوجوانوں کی میتیں ضروری کارروائی کے بعد ورثا کے حوالے کر دی گئی ہیں۔

راولپنڈی، چوری وارداتوں میں ملوث 3 گینگز گرفتار

راولپنڈی (کرائم رپورٹر) راولپنڈی پولیس نے ڈکیتی، رکشہ و موٹرسائیکل چوری اور دیگر چوری کی وارداتوں میں ملوث 3 گینگز کے 6 ارکان گرفتار کر کے مسروقہ رکشہ، 3 مسروقہ موٹرسائیکل، رقم 28 ہزار 400 روپے، چھینے گئے 2 موبائل فون و دیگر سامان اور اسلحہ برآمد کر لیا۔ تفصیلات کے مطابق راولپنڈی پولیس نے ڈکیتی، رکشہ و موٹرسائیکل چوری اور دیگر چوری کی وارداتوں میں ملوث گینگز کے خلاف کارروائیاں کرتے ہوئے 3 گینگز کے 6 افراد کو گرفتار کر لیا۔

پیکڈ دودھ پر GST کم کیا جائے، ڈیری ایسوسی ایشن

18 فیصد سے کم کر کے 10 فیصد پر لایا جائے، عثمان ظہیر احمد

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) پاکستان ڈیری ایسوسی ایشن نے مطالبہ کیا ہے کہ پیکڈ دودھ پر جی ایس ٹی کو اٹھارہ فیصد سے کم کر کے دس فیصد، قیمتوں کی حد (پرائس کیپس) کا خاتمہ، ڈیری پروسیسنگ کیلئے سبسڈائزڈ انرجی ٹیرف (بجلی گیس کے نرخ)، نیشنل ڈیری پالیسی کی تیاری، ملک بھر میں کم از کم پاسچرائزیشن قانون کا نفاذ، اسلام آباد، لاہور میں سیف ملک (محفوظ دودھ) کے پائلٹ پراجیکٹس قائم کیے جائیں تاکہ پاکستان میں غذائی بحران سے نمٹنے، دیہی معاش کو مضبوط بنانے، غذائی تحفظ کو بہتر بنانے اور قومی ٹیکس بیس کو وسعت دی جا سکے۔ نیشنل پریس کلب اسلام آباد میں سی ای او پاکستان ڈیری ایسوسی ایشن ڈاکٹر شہزاد امین، چیئرمین اور سی ای او فوجی فوڈز عثمان ظہیر احمد و دیگر نے پریس کانفرنس میں پاکستان کے غذائی بحران سے نکلنے، دیہی معاش کو مضبوط بنانے، غذائی تحفظ کو بہتر بنانے، اور قومی ٹیکس بیس کو وسعت دینے کے لیے ڈیری سیکٹر کی ہنگامی اصلاحات کا مطالبہ کرتے ہوئے کہا کہ دودھ غذائیت کی فراہمی کے سستے ترین اور موثر ترین طریقوں میں سے ایک ہے، جو بچوں کی نشوونما، قوت مدافعت، ماں کی صحت اور ذہنی ترقی کے لیے ضروری ہے۔

راولپنڈی، امانت میں خیانت کے مقدمہ میں مطلوب اشتہاری گرفتار

راولپنڈی (کرائم رپورٹر) نیوٹاؤن پولیس نے امانت میں خیانت کے مقدمہ میں مطلوب اشتہاری گرفتار کر لیا۔ تفصیلات کے مطابق نیوٹاؤن پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے امانت میں خیانت کے مقدمہ میں مطلوب اشتہاری کو گرفتار کر لیا، اشتہاری جنوری 2025 سے پولیس کو مطلوب تھا، نیوٹاؤن پولیس نے ہیومن انٹیلیجنس سمیت تمام وسائل بروئے کار لاتے ہوئے اشتہاری کو گرفتار کیا۔ ایس پی راول سعد ارشد نے کہا کہ اشتہاری مجرمان کے خلاف کارروائیاں جاری رہیں گی۔

واٹس ایپ بند ہونے کا خدشہ، PTA نے خبردار کر دیا

یقینی بنائیں کہ واٹس ایپ نمبر فعال سم سے منسلک ہو، پی ٹی اے

اسلام آباد (نیوز رپورٹر) پاکستان ٹیلی کمیونی کیشن اتھارٹی (پی ٹی اے) نے واٹس ایپ اکاؤنٹ سے منسلک سمز سے متعلق انتباہ جاری کر دیا ہے۔ پی ٹی اے کی جانب سے جاری کردہ سوشل میڈیا پوسٹ میں کہا گیا کہ آپ کی ڈیجیٹل شناخت آپ کی ذمہ داری ہے، اپنے واٹس ایپ سے منسلک غیر فعال یا غیر رجسٹرڈ سمز کی بروقت تصدیق یقینی بنائیں۔ پوسٹ میں کہا گیا کہ آپ کا واٹس ایپ اکاؤنٹ اگر کسی غیر فعال، بلاک، منسوخ شدہ یا غیر رجسٹرڈ سم سے منسلک ہے تو جلد ہی ناقابل رسائی ہو سکتا ہے۔ پی ٹی اے نے کہا کہ اپنے اکاؤنٹس، چیٹس، رابطوں اور ڈیجیٹل شناخت کے تحفظ کیلئے یقینی بنائیں کہ آپ کا واٹس ایپ نمبر فعال سم سے منسلک ہو۔ پوسٹ میں اس حوالے سے صارفین کو کچھ ضروری ہدایات جاری کی گئی ہیں۔ اگر ضرورت ہو تو بائیو میٹرک تصدیق اور سم کی توثیق کے لیے اپنی قریبی فرنچائز یا کسٹمر سروس سینٹر سے رجوع کریں۔ اگر آپ کی موجودہ سم غیر فعال ہے تو فوراً اپنا واٹس ایپ اکاؤنٹ کسی تصدیق شدہ اور فعال سم پر منتقل کریں۔

DIG کی کھلی کچہری، شہریوں کے مسائل سنے

عوامی رابطہ مہم کا مقصد مسائل دہلیز پر حل کرنا ہے، جواد طارق

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) ڈی آئی جی اسلام آباد جواد طارق نے کھلی کچہری کے دوران شہریوں کے مسائل سن کر فوری حل کے احکامات جاری کئے۔ تفصیلات کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس اسلام آباد سید علی ناصر رضوی کی خصوصی ہدایات کی روشنی میں اسلام آباد پولیس شہریوں کے مسائل کے حل کے لئے پرعزم ہے، اس سلسلے میں ڈی آئی جی اسلام آباد محمد جواد طارق نے اپنے دفتر میں کھلی کچہری کے دوران شہریوں کے مسائل سنے، انہوں نے افسران کو شہریوں کے مسائل کے فوری حل کے احکامات جاری کئے، اس موقع پر انہوں نے کہا کہ شہری اپنے مسائل کے حل کے لئے آئی جی پی شکایت سیل 1715- پر بھی اپنی شکایات و مسائل درج کروا سکتے ہیں، اسلام آباد پولیس مختلف اقدامات کے ذریعے عام شہریوں تک پہنچ کر ان کے مسائل کو حل کرنے کے لئے پرعزم ہے، انہوں نے مزید کہا کہ آئی جی اسلام آباد سید علی ناصر رضوی نے تمام سینئر پولیس افسران کو ضلع بھر میں کھلی کچہریوں کے انعقاد کے احکامات جاری کئے ہیں۔

اسلام آباد، 20 اشتہاریوں سمیت 33 جرائم پیشہ گرفتار

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) اسلام آباد پولیس نے سنگین جرائم میں ملوث 20 اشتہاریوں سمیت 33 جرائم پیشہ عناصر گرفتار کر کے منشیات اور اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد کر لیا۔ انسپکٹر جنرل آف پولیس اسلام آباد سید علی ناصر رضوی کے خصوصی احکامات پر اسلام آباد پولیس کا وفاقی دارالحکومت میں شہریوں کی جان و مال کے تحفظ کو یقینی بنانے کیلئے جرائم کے انسداد اور جرائم پیشہ عناصر کی گرفتاری کے لئے موثر کریک ڈاؤن جاری ہے۔ اس سلسلے میں اسلام آباد پولیس تھانہ کوہسار، تھانہ گولڑہ، تھانہ رمنا، تھانہ سبزی منڈی، تھانہ نون، تھانہ بھارہ کہو اور تھانہ شہزاد ٹاؤن پولیس ٹیموں نے منشیات فروشی اور غیر قانونی اسلحہ رکھنے میں ملوث 13 ملزمان کو گرفتار کر لیا۔ گرفتار ملزمان کے قبضہ سے 3242 گرام چرس، 212 گرام آئس، 22 بوتلیں شراب، ایک کلاشنکوف اور مختلف بور کے 04 عدد پستول معہ ایمونیشن برآمد کر لئے۔

اسلام آباد میں جرائم پیشہ افراد کیخلاف گھیرا تنگ

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) ایس ایس پی آپریشنز قاضی علی رضا نے تمام زونل ایس پیز، ایس ڈی پی اوز اور ایس ایچ اوز سے میٹنگ کی، جس میں جرائم کے خاتمے کیلئے جرائم پیشہ گروہوں کے ارکان کے گرد گھیرا تنگ کرنے، پراپرٹی مقدمات میں ملوث ملزمان کا ڈیٹا مرتب کر کے ان کی گرفتاریاں عمل میں لانے اور زیر تفتیش مقدمات کو میرٹ پر یکسو کر کے ان کے چالان مجاز عدالتوں میں بھجوانے کی ہدایات کی۔ تفصیلات کے مطابق سینئر سپرٹینڈنٹ آف پولیس آپریشنز اسلام آباد قاضی علی رضا نے تمام زونل ایس پیز، ایس ڈی پی اوز اور ایس ایچ اوز کے ساتھ اہم میٹنگ کا انعقاد کیا، میٹنگ میں تمام زونل ایس پیز، ایس ڈی پی اوز اور ایس ایچ اوز نے شرکت کی۔

...نسٹ کی سالانہ ایوارڈز تقریب میں اعزازات حاصل کرنیوالے طلبہ کا گروپ فوٹو

PMDC نے ایم ڈی کیٹ ٹیسٹ کی تاریخ کا اعلان کر دیا

ایم ڈی کیٹ کیلئے گزشتہ سال 2025 کا نصاب ہی نافذ العمل ہوگا

اسلام آباد (نیوز رپورٹر) پاکستان میڈیکل اینڈ ڈینٹل کونسل نے ایم ڈی کیٹ ٹیسٹ 2026 کی تاریخ کا اعلان کر دیا۔ تفصیلات کے مطابق پاکستان میڈیکل اینڈ ڈینٹل کونسل نے ایم ڈی کیٹ ٹیسٹ 2026 کی تاریخ کا اعلان کر دیا پی ایم ڈی سی کے مطابق ایم ڈی کیٹ 2026 کا انعقاد اتوار 16 اگست 2026 کو ہوگا، ایم ڈی کیٹ 2026 کیلئے گزشتہ سال 2025 کا نصاب ہی نافذ العمل ہوگا۔ پاکستان میڈیکل اینڈ ڈینٹل کونسل نے طلبہ کو ہدایت کی ہے کہ مزید معلومات اور تازہ ترین اپڈیٹس کے لیے کونسل کی سرکاری ویب سائٹ ملاحظہ کرتے رہیں۔

اسلام آباد میں سرچ آپریشن 18 مشکوک افراد تھانے منتقل

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) اسلام آباد پولیس نے گرینڈ کومنگ اینڈ سرچ آپریشن کے دوران جانچ پڑتال کیلئے 18 مشکوک افراد اور 37 موٹرسائیکلوں کو مختلف تھانے منتقل کیا۔ تفصیلات کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس اسلام آباد سید علی ناصر رضوی کے خصوصی احکامات کی روشنی میں اسلام آباد پولیس کا وفاقی دارالحکومت میں جرائم کے انسداد اور جرائم پیشہ عناصر کی سرکوبی کیلئے مختلف علاقوں میں گرینڈ کومنگ اینڈ سرچ آپریشنز کا سلسلہ جاری ہے۔ اس سلسلے میں ایس ایس پی آپریشنز اسلام آباد قاضی علی رضا کی سپرویژن میں زونل ایس پیز کی زیر نگرانی مختلف علاقوں میں گرینڈ سرچ اور کومنگ آپریشن کیے گئے۔ سرچ آپریشن کے دوران 542 افراد، 258 گھرانوں، 25 ہوٹلوں، 74 دکانیں، 294 موٹرسائیکلوں اور 84 گاڑیوں کو چیک کیا گیا۔

DIG سکیورٹی کی SSP سپیشل پروٹیکشن یونٹ سے ملاقات

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) ڈی آئی جی سکیورٹی اسلام آباد نے ایس ایس پی اسپیشل پروٹیکشن یونٹ سے اہم ملاقات کی جس میں چائنیز نیشنلز اور سی پیک منصوبہ جات کی سکیورٹی کا تفصیلی جائزہ لیا گیا، جبکہ سکیورٹی انتظامات، ڈپلائمنٹ پلان، روٹس سکیورٹی، اہم تنصیبات کی نگرانی، ایمرجنسی رسپانس میکنزم اور مختلف حساس مقامات پر سکیورٹی اقدامات کے حوالے سے تبادلہ خیال بھی کیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق ڈی آئی جی سکیورٹی اسلام آباد رانا عمر فاروق نے ایس ایس پی اسپیشل پروٹیکشن یونٹ (SPU) ارسلان شاہزیب سے اہم ملاقات کی، ملاقات کے دوران وفاقی دارالحکومت اسلام آباد میں مقیم چائنیز نیشنلز، مختلف چائنیز منصوبہ جات، سی پیک سے متعلقہ پراجیکٹس اور ان کی مجموعی سکیورٹی صورتحال پر تفصیلی بریفنگ دی گئی۔

مارگلہ ہلز میں غیر قانونی شکار پر غیر ملکی گرفتار

ملزم نے نایاب نسل کے ہرن و متعدد جنگلی جانوروں کا شکار کیا

دوران گرفتاری ملزم کی مزاحمت، وائلڈ لائف اہلکار زخمی کر دیا

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) مارگلہ ہلز میں غیر قانونی شکار کے الزام میں ایک غیر ملکی باشندے کو گرفتار کیا گیا ہے۔ ذرائع محکمہ وائلڈ لائف کے مطابق اسلام آباد وائلڈ لائف مینجمنٹ بورڈ نے کارروائی کرتے ہوئے مارگلہ ہلز میں غیر قانونی شکار کے الزام میں ایک غیر ملکی باشندے کو گرفتار کیا ہے۔ ذرائع نے بتایا کہ ملزم نے نایاب نسل کے ہرن سمیت متعدد جنگلی جانوروں کا شکار کیا اور رات گئے پھندے میں پھنسے جنگلی جانور کو کاٹ کر باکس میں پیک کیا۔ ذرائع کے مطابق پھندوں کی اطلاع پر اسلام آباد وائلڈ لائف مینجمنٹ بورڈ نے خفیہ ٹیم کو تعینات کیا اور ملزم کو موقع سے رنگے ہاتھوں گرفتار کیا۔ ذرائع نے بتایا کہ دوران گرفتاری ملزم نے مزاحمت کی اور دانتوں سے کاٹ کر ایک وائلڈ لائف اہلکار کو زخمی بھی کیا۔ ذرائع کے مطابق محکمہ وائلڈ لائف کی مدعیت میں تھانہ کوہسار میں 11 مئی کو واقعے کا مقدمہ درج کیا گیا تھا۔ مقدمے کے متن کے مطابق سیکٹر ای سیون کے قریب جنگل میں دوران معائنہ شکار کیلئے پھندے لگے ملے۔

منشیات سپلائر کو 9 سال قید، 80 ہزار روپے جرمانہ

پولیس نے مجرم کو ایک کلو 250 گرام چرس سمیت گرفتار کیا تھا

راولپنڈی (کرائم رپورٹر) راولپنڈی پولیس کی موثر پولیسنگ کے باعث منشیات سپلائر کو 9 سال قید اور 80 ہزار روپے جرمانے کی سزا سنا دی گئی۔ تفصیلات کے مطابق معزز عدالت نے منشیات سپلائر کو سزا سنا دی، مجرم ولید سجاد کو 9 سال قید اور 80 ہزار روپے جرمانے کی سزا سنائی گئی، مجرم سے 1 کلو 250 گرام چرس برآمد ہونے پر تھانہ پیرودھائی پولیس نے اکتوبر 2024 میں گرفتار کیا تھا، ٹھوس شواہد اور مقدمہ کی موثر پیروی کے پیش نظر معزز عدالت نے مجرم کو قرار واقعی سزا سنائی۔ مجرم کو قرار واقعی سزا ملنے پر سی پی او سید خالد محمود ہمدانی نے ایس ایس پی انوسٹی گیشن اور تفتیشی و لیگل ٹیموں کو شاباش دیتے ہوئے کہا ہے کہ منشیات کے ناسور کے خاتمے کے لیے تمام اقدامات اٹھائے جا رہے ہیں۔

نوجوان گرمی کی شدت کم کرنے کے لئے نہر میں نہا رہے ہیں

روزنامہ ممتاز
THE DAILY MUMTAZ
051-8437994-3 / 051-8357772
www.dailymumtaz.com
بانی: عبداللہ بٹ
بدھ، 20 مئی، 2026، 3 ذوالحجہ، 1447ھ

ترکیہ، ریسٹورنٹ میں شدید فائرنگ، 4 افراد ہلاک

حملہ آور گاڑی میں فرار، راستے میں فائرنگ سے 8 افراد زخمی

انقرہ (فارن ڈیسک) ترکیہ کے جنوبی صوبے مرسین میں فائرنگ کے ایک ہولناک واقعے میں کم از کم 4 افراد ہلاک جبکہ 8 زخمی ہو گئے۔ عالمی خبر رساں اداروں کے مطابق مسلح حملہ آور نے ضلع ترسوس میں پہلے ایک ریسٹورنٹ کے اندر گھس کر اندھا دھند فائرنگ کی جس میں دو افراد ہلاک ہو گئے۔ ہلاک ہونے والوں میں ریسٹورنٹ کا مالک اور ایک ملازم شامل ہے۔ حملہ آور نے اسی پر بس نہیں کی بلکہ باہر نکلتے وقت راہگیروں پر فائرنگ کی۔ جس کے نتیجے میں ایک چرواہا اور ایک ٹرک ڈرائیور گولیاں لگنے سے موقع پر ہی ہلاک ہو گئے۔ حملہ آور گاڑی میں فرار ہو گیا اور راستے میں بھی فائرنگ کر کے 8 افراد کو زخمی کر دیا۔

قائد آباد میں پولیس مقابلہ، 2 ڈاکو زخمی حالت میں گرفتار

زخمی ملزمان کو طبی امداد کے لیے جناح ہسپتال منتقل کر دیا گیا

کراچی (نیوز رپورٹر) شہر قائد کے علاقے قائد آباد میں پولیس اور ڈاکوؤں کے درمیان مبینہ مقابلے کے بعد 2 ملزمان کو زخمی حالت میں گرفتار کر لیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق شہر قائد کے علاقے قائد آباد میں پولیس اور ڈاکوؤں کے درمیان مبینہ مقابلے کے بعد 2 ملزمان کو زخمی حالت میں گرفتار کر لیا گیا پولیس کے مطابق مقابلہ شیر پاؤ اسٹار گراؤنڈ کے قریب پیش آیا، جہاں مشکوک افراد کی موجودگی کی اطلاع پر پولیس نے کارروائی کی۔ اس دوران ملزمان نے پولیس پر فائرنگ کر دی، جس کے جواب میں ہونے والے فائرنگ کے تبادلے میں دونوں مبینہ ڈاکو زخمی ہو گئے۔

تھائی لینڈ نے ویزا فری مدت اچانک کم کر دی

فیصلے کا مقصد ایسے غیر ملکی افراد کے خلاف کارروائی کرنا ہے، رپورٹس

تھائی (فارن ڈیسک) تھائی لینڈ نے غیر ملکی شہریوں سے متعلق جرائم پر قابو پانے کیلئے ویزا فری قیام کی مدت میں بڑی کمی کا اعلان کر دیا ہے۔ غیر ملکی خبر ایجنسی کے مطابق تھائی حکومت نے 90 سے زائد ممالک کے شہریوں کیلئے بغیر ویزا قیام کی موجودہ 60 روزہ سہولت محدود کرنے کی منظوری دے دی ہے۔ رپورٹس کے مطابق اس فیصلے کا مقصد ایسے غیر ملکی افراد کے خلاف کارروائی کرنا ہے جو سیاحتی ویزا سہولت کا غلط استعمال کرتے ہوئے منشیات، انسانی اسمگلنگ اور غیر قانونی کاروبار جیسی سرگرمیوں میں ملوث پائے گئے۔ تھائی لینڈ کے وزیر سیاحت نے بتایا کہ نئی پالیسی کے تحت زیادہ تر ممالک کے شہریوں کو اب صرف 30 دن تک ویزا فری قیام کی اجازت دی جائے گی۔

حویلی، وزیراعظم آزاد کشمیر فیصل ممتاز راٹھور تاچھائی ہائی سکول کی اپ گریڈیشن کے موقع پر کیک کاٹ رہے ہیں

کانگو میں ایبولا سے 118 ہلاکتیں، ایمرجنسی نافذ

ایبولا سے بچاؤ کیلئے کوئی منظور شدہ ادویات یا ویکسین دستیاب نہیں، مزید 390 سے زیادہ کیسز سامنے آگئے، متاثرین میں امریکی ڈاکٹر بھی شامل

وائرس بخار، سردرد اور تھکن پیدا کرتا، بعد ازاں قے، اسہال، خون بہنے اور اعضا ناکامی کا سبب بنتا ہے، علامات ظاہر ہونے میں 21 دن لگتے ہیں، ماہرین صحت

کنشاسا (نیوز ڈیسک) افریقی ملک جمہوریہ کانگو میں ایبولا وائرس کے پھیلاؤ سے اب تک 118 افراد ہلاک ہو چکے ہیں جبکہ 390 سے زیادہ کیسز مشتبہ ہیں، ہنگامی حالت نافذ کر دی گئی۔ براعظم افریقہ میں ڈیموکریٹک ریپبلک آف کانگو میں صحت کے حکام نے بتایا کہ ایبولا سے بچاؤ کی چونکہ کوئی منظور شدہ ادویات یا ویکسین دستیاب نہیں، اس لیے لوگوں کو صحتِ عامہ کے اقدامات پر عمل کرنا چاہیے، ان اقدامات میں ایبولا کے متاثرین کی تدفین کے دوران احتیاطی تدابیر بھی شامل ہیں۔ امریکی سینٹرز فار ڈیزیز کنٹرول اینڈ پریوینشن (سی ڈی سی) کے مطابق یوگنڈا میں بھی ایبولا سے متاثرہ دو تصدیق شدہ کیسز اور ایک ہلاکت سامنے آئی ہے۔ ایبولا کی موجودہ قسم کا پھیلاؤ بنڈی بگیو وائرس کے باعث ہو رہا ہے جسے عالمی ادارہ صحت نے بین الاقوامی ہنگامی صورتحال بھی قرار دیا ہے۔ جمہوریہ کانگو میں ایک امریکی ڈاکٹر بھی ان افراد میں شامل ہیں جن میں اس مرض کی تصدیق ہوئی ہے، یہ بات اس طبی مشنری گروپ اور سی ڈی سی نے کہی ہے جس کے ساتھ وہ کام کر رہے تھے، اب انہیں علاج کے لیے جرمنی منتقل کیا جائے گا۔ جمہوریہ کانگو میں اس وبا کے دوران کم از کم چھ امریکی ایبولا وائرس کے رابطے میں آئے ہیں، سی ڈی سی اب براہ راست متاثر ہونے والے ان امریکیوں کے محفوظ انخلا میں معاونت کر رہا ہے لیکن یہ تصدیق نہیں کی کہ اس میں کتنے افراد اس میں شامل ہیں۔ دوسری جانب امریکہ نے جمہوریہ کانگو کے لیے سطح چار کی سفری وارننگ بھی جاری کر دی ہے، جو اس کی سب سے سخت سطح ہے، جس میں وہاں سفر سے گریز کرنے کا انتباہ دیا گیا ہے۔ (باقی صفحہ 4 بقیہ نمبر 2)

کینیا، تیل نرخوں میں اضافہ پر مظاہرے، 4 افراد ہلاک

صورتحال کشیدہ، درجنوں زخمی، مظاہرین نے سڑکیں بند کر دیں

نیروبی (فارن ڈیسک) کینیا میں ایندھن کی قیمتوں میں اضافے کے خلاف ہونے والے مظاہروں کے دوران صورتحال بگڑ گئی، جس کے نتیجے میں 4 افراد ہلاک اور درجنوں زخمی ہو گئے۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق کینیا کے مختلف شہروں میں احتجاجی مظاہرے شدت اختیار کر گئے جبکہ ملک بھر میں پبلک ٹرانسپورٹ کی ہڑتال کے باعث ہزاروں مسافر پھنس کر رہ گئے۔ مظاہرین نے کہا کہ حکومت کی جانب سے حالیہ دنوں میں پیٹرول اور ڈیزل کی قیمتوں میں بھاری اضافہ کیا گیا ہے، جو مشرق وسطیٰ میں جاری کشیدگی اور عالمی تیل کی سپلائی میں کمی کا نتیجہ ہے۔ کینیا کی توانائی ریگولیٹری اتھارٹی نے گزشتہ ہفتے ایندھن کی قیمتوں میں 20 فیصد سے زائد اضافہ کیا تھا، جس کے بعد عوامی ردعمل میں مزید شدت آگئی۔ دارالحکومت نیروبی اور دیگر شہروں میں احتجاج کے دوران سڑکیں بند کر دی گئیں، ٹائر جلائے گئے اور پولیس کی جانب سے آنسو گیس کا استعمال بھی کیا گیا۔ حکام کے مطابق مظاہرین اور ٹرانسپورٹ تنظیموں کے درمیان مذاکرات ناکام ہو گئے ہیں، جس کے بعد ہڑتال جاری رہنے کا خدشہ ہے۔ توانائی ماہرین کا کہنا ہے کہ کینیا تقریباً مکمل طور پر مشرق وسطیٰ سے ایندھن درآمد کرتا ہے، اس لیے عالمی قیمتوں میں اضافہ براہ راست عوامی زندگی پر اثرانداز ہو رہا ہے۔

شاہ فیصل کالونی میں فائرنگ سے نوجوان شدید زخمی ہوگیا

کراچی (نیوز رپورٹر) شہر قائد میں شاہ فیصل کالونی 4 نمبر میں فائرنگ سے نوجوان شدید زخمی ہوگیا۔ تفصیلات کے مطابق شہر قائد میں شاہ فیصل کالونی 4 نمبر میں فائرنگ سے نوجوان شدید زخمی ہوگیا جسے انتہائی تشویشناک حالت میں جناح اسپتال لیجایا گیا۔ چھیپا حکام کے مطابق مضروب کی شناخت 25 سالہ کمیل کے نام سے کی گئی جسے سینے پر پسلیوں کے قریب گولی لگی تھی۔

راولپنڈی، ایمرجنسی ہیلپ لائن 15 پر بوگس کال کرنیوالا شخص گرفتار

راولپنڈی (کرائم رپورٹر) واہ کینٹ پولیس نے ایمرجنسی ہیلپ لائن 15 پر بوگس کال کرنے والا شخص گرفتار کرلیا۔ تفصیلات کے مطابق واہ کینٹ پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے ایمرجنسی ہیلپ لائن 15 پر بوگس کال کرنے والے شخص کو گرفتار کرلیا، متن مقدمہ کے مطابق زیرحراست شخص نے 15 پر کال کی کہ نامعلوم شخص اس سے موبائل فون اور نقدی 60 ہزار روپے چھین کر فرار ہوگیا، واہ کینٹ پولیس نے موقعہ پر پہنچ کر تحقیقات کیں تو کالر کے ساتھ ایسا کوئی وقوعہ سرزد ہونا نا پایا گیا۔

مظفر آباد، وزیر خزانہ آزاد کشمیر چوہدری قاسم مجید اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

اٹک، الائشوں کی بروقت تلفی، صفائی کے انتظامات مکمل

ضلع اور تحصیل سطح پر کنٹرول رومز بھی فعال کر دیئے ہیں، انیل سعید

اٹک (نامہ نگار) ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل اٹک و منیجنگ ڈائریکٹر ستھرا پنجاب ایجنسی انیل سعید نے کہا ہے کہ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی ہدایات کی روشنی میں ضلع اٹک میں عیدالاضحیٰ کے موقع پر صفائی ستھرائی، آلائشوں کی بروقت تلفی اور شہریوں کو بہترین سہولیات کی فراہمی کے لیے تمام انتظامات مکمل کر لیے گئے ہیں۔ انہوں نے ان خیالات کا اظہار ڈی سی آفس اٹک میں میڈیا نمائندگان کو عیدالاضحیٰ انتظامات کے حوالے سے بریفنگ دیتے ہوئے کیا، اس موقع پر ستھرا پنجاب ایجنسی کے افسران بھی موجود تھے، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل نے بتایا کہ عیدالاضحیٰ کے دوران شہریوں کی رہنمائی، شکایات کے ازالے اور فوری رابطے کے لیے خصوصی ہیلپ لائن 1139 قائم کی گئی ہے جبکہ ضلع اور تحصیل سطح پر کنٹرول رومز بھی فعال کر دیئے گئے ہیں۔

اٹک شہر کی خوبصورتی کیلئے ٹف ٹائلز تنصیب، پودوں کی شجرکاری

اٹک (نامہ نگار) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے احکامات پر دیگر اضلاع کی طرح اٹک شہر میں بھی ترقیاتی کام تیزی سے جاری، شہر کی خوبصورتی میں اضافے کے لیے روڈ پر ٹف ٹائلز اور خوبصورت پودوں کو نصب کیا گیا، اس سلسلہ میں تجاوزات انسپکٹر عابد شہزاد (نوشی) نے دوکانداروں کو سختی سے ہدایت کی کہ اپنی دوکانوں کے باہر سائن بورڈ میں لائٹس لگائیں، تمام دوکاندار بیک لائٹ یا 3 ڈی بورڈز کا استعمال کریں اور اگر کوئی دوکاندار اس پر عمل نہیں کرے گا تو اس کی دوکان سیل کر دی جائے گی۔

آزاد کشمیر الیکشن، ن لیگ، JUJK میں انتخابی اتحاد

راجہ ذوالقرنین کے بیٹے بھی ن لیگ میں شامل، حکومت ہم بنائینگے، امیر مقام

اسلام آباد (وقائع نگار) جمعیت علمائے جموں وکشمیر نے مسلم لیگ (ن) کے ساتھ انتخابی اتحاد کا باضابطہ اعلان کر دیا۔ انتخابی اتحاد کی تقریب میں وفاقی وزیر امیر مقام مہمان خصوصی تھے۔ صدر مسلم لیگ (ن) آزاد کشمیر شاہ غلام قادر اور امیر جمعیت علمائے جموں وکشمیر مولانا امتیاز احمد صدیقی شریک ہوئے مولانا امتیاز احمد صدیقی اور حنان عبدالقیوم خان مرکزی سیکرٹری جنرل نے مسلم لیگ (ن) کے ساتھ انتخابی اتحاد کا باضابطہ اعلان کیا۔ جمعیت علمائے جموں وکشمیر نے پی ٹی آئی کے ساتھ سابق انتخابی اتحاد ختم کرنے کی تصدیق کی۔ مولانا امتیاز احمد صدیقی کا کہنا تھا کہ 9 مئی واقعات کے بعد جماعت نے پی ٹی آئی اتحاد ختم کرنے کا فیصلہ کیا۔ مرکزی شوریٰ اور قیادت کے اجلاس میں نئی سیاسی حکمت عملی اختیار کرنے کا فیصلہ کیا گیا۔ امیر مقام نے جمعیت علمائے جموں وکشمیر کے فیصلے کا خیرمقدم کیا۔ ادھر بھمبر میں پاکستان مسلم لیگ (ن) آزاد جموں وکشمیر کے زیراہتمام ایک عظیم الشان شمولیتی تقریب منعقد ہوئی جس میں سابق صدر آزاد کشمیر راجہ محمد ذوالقرنین خان کے صاحبزادے اور سابق ممبر کشمیر کونسل راجہ بابر علی ذوالقرنین اور قیصر ذوالقرنین نے اپنے ہزاروں ساتھیوں، دوستوں اور خاندان سمیت پاکستان مسلم لیگ (ن) میں شمولیت اختیار کرلی اس موقع پر وفاقی وزیر امیر مقام نے کہا ہے کہ پاکستان مسلم لیگ (ن) کی قیادت ملک اور آزاد کشمیر کی ترقی، استحکام اور عوامی خوشحالی کے لیے عملی اقدامات کر رہی ہے۔

کوئٹہ سے پشاور جعفر ایکسپریس دوسرے روز بھی منسوخ

کوئٹہ (نمائندہ ممتاز) کوئٹہ سے پشاور جانے والی جعفر ایکسپریس سروس دوسرے روز بھی معطل رہی۔ ریلوے انتظامیہ کے مطابق ٹرین منگل کو بھی روانہ نہیں ہوسکی،، جعفر ایکسپریس سروس ناگزیر وجوہات کی بنا پر منسوخ کی گئی ہے، پشاور سے کوئٹہ آنے والی جعفر ایکسپریس کو جیکب آباد سے واپس بھیج دیا جائے گا۔ ریلوے حکام کے مطابق مسافروں کو صورتحال سے آگاہ کر دیا گیا ہے، جبکہ ٹرین سروس کی بحالی سے متعلق فیصلہ حالات کا جائزہ لینے کے بعد کیا جائے گا۔

راولپنڈی، 4 ملزمان گرفتار شراب اور اسلحہ معہ ایمونیشن

راولپنڈی (سٹاف رپورٹر) راولپنڈی پولیس نے 4 ملزمان گرفتار کرکے شراب اور اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد کرلیا۔ تفصیلات کے مطابق راولپنڈی پولیس نے 4 ملزمان گرفتار کرکے شراب اور اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد کرلیا راولپنڈی پولیس نے کارروائیاں کرتے ہوئے 4 ملزمان کو گرفتار کرکے 5 لیٹر شراب اور اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد کرلیا، ملزمان کے خلاف کارروائیاں تھانہ سٹی، واہ کینٹ، ائیرپورٹ اور گوجرخان کے علاقوں میں کی گئیں۔ ڈویژنل ایس پیز نے کہا کہ شراب اور ناجائز اسلحہ رکھنے والے افراد قانون کی گرفت سے نہیں بچ سکتے۔

عوام دوست اور متوازن بجٹ پیش کرینگے، قاسم مجید

وزیرخزانہ کی زیرصدارت بجٹ کی تیاریوں کے حوالے سے اجلاس

مظفر آباد (بیورو رپورٹ) وزیرخزانہ آزاد حکومت ریاست جموں وکشمیر چوہدری قاسم مجید کی زیرصدارت آئندہ مالی سال کے بجٹ کی تیاریوں کے حوالے سے اہم اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں وزیر مواصلات سردار ضیاء القمر، سیکرٹری حکومت، محکمہ مالیات، پلاننگ اینڈ ڈویلپمنٹ کے افسران اور دیگر متعلقہ حکام نے شرکت کی۔ اجلاس میں ترقیاتی منصوبوں، عوامی فلاح و بہبود، بنیادی سہولیات کی فراہمی اور مختلف شعبوں کیلئے مالی وسائل کی ترجیحات کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ وزیرخزانہ چوہدری قاسم مجید نے کہا کہ پاکستان پیپلز پارٹی کی حکومت عوام دوست بجٹ پیش کرے گی جس میں عام آدمی کو زیادہ سے زیادہ ریلیف دینے پر خصوصی توجہ دی جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ صحت، تعلیم، انفراسٹرکچر، صاف پانی اور نوجوانوں کے روزگار کے شعبوں کو بجٹ میں ترجیح دی جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ حکومت عوامی مسائل کے حل پر یقین رکھتی ہے اور بجٹ میں ایسے اقدامات شامل کیے جائیں گے جن سے ترقیاتی عمل تیز ہو اور شہریوں کے معیار زندگی میں بہتری آئے وزیرخزانہ نے اس عزم کا اظہار کیا کہ مالی نظم وضبط برقرار رکھتے ہوئے عوامی فلاحی منصوبوں کیلئے زیادہ وسائل مختص کیے جائیں گے۔

لاہور، ایل ڈبلیو ایم سی کے اہلکار مارکیٹ کے باہر سڑک پر صفائی کرنے میں مصروف ہیں

آزاد کشمیر الیکشن کمیشن، صرف نو جماعتیں اہل قرار

42 میں سے 33 سیاسی جماعتیں دوبارہ رجسٹریشن سے محروم

مظفر آباد (ممتاز نیوز) الیکشن کمیشن آزاد جموں وکشمیر نے 2021 کے انتخابات کے موقع پر رجسٹرڈ 42 سیاسی جماعتوں میں سے 33 کی رجسٹریشن منسوخ کر دی ہے 2026 کے انتخابات میں صرف 9 سیاسی جماعتیں حصہ لیں گی سپریم کورٹ کے احکامات کے مطابق 33 سیاسی جماعتوں رجسٹریشن کی شرائط پوری نہ کر سکنے کے باعث رجسٹریشن سے محروم ہوگئی ہیں، الیکشن کمیشن آزاد جموں وکشمیر سے ملنے والی دستاویزات کے مطابق سپریم کورٹ آزاد جموں وکشمیر کے فیصلے کی روشنی میں الیکشن ایکٹ 2020 کے مطابق اب تک صرف نو سیاسی جماعتوں کے کوائف مکمل تھے رجسٹرڈ ہوچکی ہیں، جن میں پاکستان مسلم لیگ ن آزاد جموں وکشمیر، جماعت فلاح انسانیت آزاد جموں وکشمیر، مرکزی جمعیت اہلحدیث آزاد جموں وکشمیر، صدائے حق پارٹی آزاد جموں وکشمیر، پاکستان پیپلز پارٹی آزاد جموں وکشمیر، آل جموں وکشمیر مسلم کانفرنس، جماعت اسلامی آزاد کشمیر، جموں وکشمیر لبریشن لیگ اور جموں وکشمیر پیپلز پارٹی شامل ہیں، جبکہ پاکستان تحریک انصاف کی رکنیت کی درخواست 16 مئی کو مسترد کی جاچکی ہے جس نے الیکشن کمیشن کا فیصلہ اب اعلیٰ عدلیہ میں چیلنج کرنے کا اعلان کیا ہے۔

سلہٹ ٹیسٹ: بنگلہ دیش کو فتح کیلئے 3 وکٹیں، پاکستان کو 121 رنز درکار

437 رنز کے ہدف کے تعاقب میں پاکستان نے چوتھے دن کھیل کے اختتام پر 7 وکٹ پر 316 رنز بنا لئے

محمد رضوان 75 اور ساجد خان 8 رنز بنا کر ناٹ آؤٹ، بابر اعظم 47 اور شان مسعود 71 رنز بنا کر آؤٹ ہوئے

سلہٹ (سپورٹس ڈیسک) سلہٹ ٹیسٹ میں پاکستان کی دوسری اننگز میں بیٹنگ جاری ہے اور قومی ٹیم جیت کے لیے 437 رنز کے ہدف کا تعاقب کر رہی ہے۔ 437 رنز کے ہدف کے تعاقب میں پاکستان نے چوتھے دن کھیل کے اختتام پر 7 وکٹ پر 316 رنز بنا لیے ہیں۔ تفصیلات کے مطابق سلہٹ ٹیسٹ میں پاکستان کی دوسری اننگز میں بیٹنگ جاری ہے اور قومی ٹیم جیت کے لیے 437 رنز کے ہدف کا تعاقب کر رہی ہے۔ 437 رنز کے ہدف کے تعاقب میں پاکستان نے چوتھے دن کھیل کے اختتام پر 7 وکٹ پر 316 رنز بنا لیے ہیں محمد رضوان 75 اور ساجد خان 8 رنز بنا کر ناٹ آؤٹ ہیں۔ پاکستان کو جیت کے لیے 121 رنز اور بنگلا دیش کو 3 وکٹ درکار ہیں۔ اس سے قبل آج چوتھے دن کا آغاز پاکستانی اوپنر اذان اویس اور عبداللہ فضل نے کیا مگر 27 کے مجموعی اسکور پر عبداللہ فضل 6 رنز بنا کر ناہید رانا کا شکار ہوئے، اس کے بعد اذان اویس بھی 41 کے مجموعے 21 رنز کی اننگز کھیل کر پویلین لوٹ گئے۔ دو وکٹ کے نقصان کے بعد بابر اعظم اور شان مسعود نے اچھی شراکت قائم کی تاہم بابر اعظم 52 گیندوں پر 47 رنز بنا کر تیج الاسلام کا شکار بن گئے جبکہ شان مسعود 71 رنز بنا کر آؤٹ ہوئے۔ واضح رہے سلہٹ ٹیسٹ میں بنگلا دیش نے پہلی اننگز میں 278 رنز بنائے جس کے جواب میں پاکستان ٹیم 232 رنز بنا کر آؤٹ ہو گئی اور 46 رنز کے خسارے میں چلی گئی۔ بنگلا دیشی ٹیم نے اپنی دوسری اننگز میں 390 رنز بنائے اور 46 رنز کی برتری کے ساتھ پاکستان کو جیت کے لیے 437 رنز کا ہدف دیا۔

نیمار 2026 ورلڈ کپ کیلئے برازیل سکواڈ میں شامل

لزبن (سپورٹس ڈیسک) برازیل کے اسٹار فٹبالر نیمار کو 2026 فیفا ورلڈ کپ کی تیاریوں کے سلسلے میں قومی اسکواڈ میں دوبارہ شامل کر لیا گیا ہے۔ انجری کے باعث طویل عرصے تک ٹیم سے باہر رہنے والے نیمار کی واپسی پر شائقین فٹبال میں خوشی کی لہر دوڑ گئی۔ برازیلین فٹبال فیڈریشن کے مطابق نیمار مکمل فٹنس حاصل کرنے کے بعد دوبارہ قومی ٹیم کا حصہ بنیں گے اور آئندہ ورلڈ کپ کوالیفائنگ میچز میں اہم کردار ادا کریں گے۔

آسٹریلیا سے ون ڈے سیریز، بابر کی شمولیت کا امکان

ٹیم کے انتخاب پر مشاورت، سکواڈ میں فخر، سفیان، حسنین شاہ کی شمولیت متوقع

لاہور (سپورٹس ڈیسک) سابق کپتان بابر اعظم کی آسٹریلیا کے ساتھ ہونے والے ون ڈے سیریز کے اسکواڈ میں شمولیت کا امکان ہے۔ آسٹریلیا کے ساتھ ون ڈے سیریز کے لیے پاکستانی ٹیم کے انتخاب پر حتمی مشاورت ہوئی۔ ذرائع کے مطابق اسکواڈ میں فخر زمان، سفیان مقیم اور حسنین شاہ کی شمولیت کا امکان ہے جبکہ فہیم اشرف اور حسین طلعت کا جگہ برقرار رکھنا مشکل ہو گیا ہے۔ اس کے علاوہ محمد رضوان کے حوالے سے بات چیت جاری ہے۔ آسٹریلیا کرکٹ ٹیم 23 مئی کو اسلام آباد پہنچ رہی ہے، ون ڈے سیریز کے میچز 30 مئی، 2 اور 4 جون کو کھیلے جائیں گے۔ پاکستان ٹیم 22 مئی سے راولپنڈی میں ٹریننگ کرے گی اور ایک پریکٹس میچ بھی کھیلے گی۔

لاہور، پنجاب یوگاسنا اینڈ سپورٹس ایسوسی ایشن کے زیر اہتمام کوچنگ کورس کے شرکاء کا گروپ فوٹو

خصوصی بچوں کی کھیلوں کے میدانوں میں حوصلہ افزائی ضروری، حاجی نواب

اسلام آباد (سپورٹس رپورٹر) اسلام آباد سپورٹس ویلفیئر ایسوسی ایشن کے سرپرست حاجی نواب خان نے کہا ہے کہ خصوصی بچوں کی کھیلوں کے میدانوں میں حوصلہ افزائی بہت ضروری ہے۔ گزشتہ روز میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ اسلام آباد میں اسپیشل اولمپکس پاکستان نیشنل گیمز کا انعقاد سے خصوصی بچوں کی ذہنی نشوونما ضرور بڑھے گی۔

بگ بیش لیگ کا بھارت سے آغاز ہونے کا امکان

کرکٹ آسٹریلیا کو تامل ناڈو کرکٹ ایسوسی ایشن اور بھارتی بورڈ کا مثبت فیڈ بیک

سڈنی (سپورٹس ڈیسک) آسٹریلیا کی بگ بیش لیگ (بی بی ایل) کا بھارت سے آغاز ہونے کا امکان ہے۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق بی بی ایل سیزن کے پہلے میچز کی میزبانی چنائی کرے گا، جس کے لئے کام شروع کر دیا گیا۔ بی بی ایل کا پہلا میچ دسمبر میں بھارت میں کھیلا جائے گا، کرکٹ آسٹریلیا کو تامل ناڈو کرکٹ ایسوسی ایشن اور بھارتی بورڈ کے جانب سے مثبت فیڈ بیک ملا۔ میڈیا رپورٹ کا کہنا ہے کہ کرکٹ آسٹریلیا نے بی بی ایل کے افتتاحی میچ کے لیے چنائی کے وینیو کا انتخاب کیا ہے، کرکٹ آسٹریلیا کے 5 رکنی وفد نے چنائی میں ایک میٹنگ میں حصہ لیا۔ آسٹریلوی وفد نے وینیو کی ریکی مکمل کر لی ہے، بھارتی بورڈ کے صدر متھن منہاس بھی وینیو پر موجود تھے۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق حکومتی سطح پر ابھی معاملات طے ہونا باقی ہیں۔

ویمنز ٹی 20 ورلڈ کپ ٹورنامنٹ 12 جون سے انگلینڈ میں شروع ہوگا

لاہور (سپورٹس ڈیسک) آئی سی سی ویمنز ٹی 20 ورلڈ کپ ٹورنامنٹ 12 جون سے انگلینڈ اینڈ ویلز میں شروع ہوگا۔ ویمنز ٹی 20 ٹورنامنٹ میں 12 ٹیمیں حصہ لیں گی۔ انگلینڈ میں ہونے والے اس ٹورنامنٹ کے لیے ٹیموں نے مختلف طریقوں سے کوالیفائی کیا ہے۔ انگلینڈ نے میزبان ہونے کی حیثیت سے براہ راست جگہ حاصل کی۔

یہ ہر جگہ لڑائیاں کرتا ہے، رضوان کی مشفق بارے گفتگو

محمد رضوان کے بنگالی کھلاڑی سے متعلق ریمارکس سٹمپ مائیک میں ریکارڈ

سلہٹ (سپورٹس ڈیسک) پاکستان اور بنگلادیش کے درمیان دوسرے ٹیسٹ میچ کے تیسرے روز محمد رضوان کی گفتگو اسٹمپ مائیک میں ریکارڈ ہو گئی۔ تفصیلات کے مطابق پاکستان اور بنگلادیش کے درمیان دوسرے ٹیسٹ میچ کے تیسرے روز محمد رضوان کی گفتگو اسٹمپ مائیک میں ریکارڈ ہو گئی بنگلا دیش نے دوسری اننگز میں 6 وکٹوں کے نقصان پر 300 رنز بنائے تھے جب مشفق الرحیم 89 اور تیج الاسلام 3 رنز پر بیٹنگ کر رہے تھے اس دوران کسی بات پر ان کی اور کپتان شان مسعود کے درمیان جملوں کا تبادلہ ہوا۔ وائرل ویڈیو میں دیکھا جاسکتا ہے کہ شان مسعود امپائر کے پاس جا کر بھی شکایت کر رہے ہیں۔ اس دوران محمد رضوان کی گفتگو بھی اسٹمپ مائیک میں ریکارڈ ہو گئی۔

حیدرآباد الیکٹرک سپلائی کمپنی (حیسکو)

HESCO

مخصوص پروکیورمنٹ کا نوٹس

بولیوں کے لیے درخواست سامان

دولفافہ بڈنگ پراسیس

ملک:	پاکستان
منصوبے کا نام:	بجلی کی تقسیم کی کارکردگی میں بہتری کا منصوبہ (Electricity Distribution Efficiency Improvement Project - EDEIP)
معاہدے کا عنوان:	حیسکو کے دائرۂ اختیار میں 200KVA (3,500 عدد) اور 100KVA (5,100 عدد) ریٹنگ کے ڈسٹری بیوشن ٹرانسفارمرز پر 8,600 عدد Asset Performance Management System (APMS) (Ordering Code: **APMS-MC-S**) کی فراہمی اور تنصیب
لون نمبر:	IBRD -93180-PK
RFB حوالہ نمبر:	PK-HESCO-GOODS-APMS-ICB/-10

1. حیدرآباد الیکٹرک سپلائی کمپنی (حیسکو) کو ورلڈ بینک سے بجلی کی تقسیم کی کارکردگی میں بہتری کے منصوبے (EDEIP) کے اخراجات کے لیے مالی معاونت موصول ہوئی ہے، اور وہ اس مالی معاونت کا ایک حصہ "حیسکو کے دائرۂ اختیار میں 200KVA اور 100KVA ریٹنگ کے ڈسٹری بیوشن ٹرانسفارمرز پر 8,600 عدد Asset Performance Management System (APMS) کی فراہمی اور تنصیب" کے معاہدے کے تحت ادائیگیوں کے لیے استعمال کرنے کا ارادہ رکھتی ہے
2. حیدرآباد الیکٹرک سپلائی کمپنی (حیسکو) اب اہل بولی دہندگان سے مہربند بولیاں طلب کرتی ہے، برائے:

شمار نمبر	تفصیل
1	حیسکو کے دائرۂ اختیار میں 200KVA (3,500 عدد) اور 100KVA (5,100 عدد) ریٹنگ کے ڈسٹری بیوشن ٹرانسفارمرز پر 8,600 عدد Asset Performance Management System (APMS) (Ordering Code: APMS-MC-S) کی فراہمی اور تنصیب

3. بولی کا عمل بین الاقوامی مسابقتی خریداری (International Competitive Procurement) کے تحت Request for Bids (RFB) کے ذریعے منعقد کیا جائے گا، جیسا کہ ورلڈ بینک کے "Procurement Regulations for IPF Borrowers" مورخہ نومبر 2020 ("پروکیورمنٹ قوانین") میں درج ہے، اور یہ پروکیورمنٹ قوانین میں متعین تمام اہل بولی دہندگان کے لیے کھلا ہے
4. دلچسپی رکھنے والے اہل بولی دہندگان مزید معلومات چیف انجینئر (ڈیولپمنٹ) PMU حیسکو، حیدرآباد کے دفتر سے درج ذیل پتے پر دفتری اوقات یعنی صبح 09:00 بجے سے شام 04:00 بجے تک حاصل کر سکتے ہیں: "بنگلہ نمبر A-1، حیسکو پاور ونگ کالونی، حسین آباد، حیدرآباد"
5. بولی دستاویزات انگریزی زبان میں بلا معاوضہ دستیاب ہوں گی اور Employer کی ویب سائٹ https://www.hesco.gov.pk سے ڈاؤن لوڈ کی جا سکتی ہیں۔ وہ بولی دہندگان جو بولی دستاویزات ڈاؤن لوڈ کریں، ان کے لیے لازم ہوگا کہ وہ اپنی دلچسپی اور رابطہ تفصیلات تحریری طور پر خریدار (Purchaser) کو فراہم کریں تاکہ کسی بھی وضاحت (Clarifications) یا اضافی ترمیمات سے آگاہ کیا جا سکے۔ متبادل طور پر، دلچسپی رکھنے والے اہل بولی دہندگان کمپنی کے لیٹر ہیڈ پر تحریری درخواست جمع کروا کر، اور بولی دہندہ کی جانب سے اپنے خرچ پر پہلے سے طے شدہ کوریئر سروس کے ذریعے، انگریزی زبان میں بولی دستاویزات حاصل کر سکتے ہیں۔ دستاویزات بذاتِ خود بھی وصول کی جا سکتی ہیں۔ دستاویزات کے گم ہونے یا تاخیر سے ترسیل کی کوئی ذمہ داری قبول نہیں کی جائے گی۔ بولی کھولنے کی تاریخ پر کوئی بولی دستاویز جاری نہیں کی جائے گی۔
6. بولیاں درج ذیل پتے پر 02 جولائی 2026 بوقت 11:00 بجے تک جمع کروانا لازم ہوں گی۔ الیکٹرانک بولی کی اجازت نہیں ہوگی۔ تاخیر سے موصول ہونے والی بولیاں مسترد کر دی جائیں گی۔ بیرونی بولی لفافے، جن پر "ORIGINAL BID" درج ہوگا، اور اندرونی لفافے، جن پر "TECHNICAL PART" درج ہوگا، بولی دہندگان کے نامزد نمائندوں اور شرکت کے خواہشمند افراد کی موجودگی میں 02 جولائی 2026 کو بولی جمع کرانے کی آخری مہلت کے فوراً بعد درج ذیل پتے پر عوامی طور پر کھولے جائیں گے۔ تمام لفافے، جن پر "SECOND ENVELOPE: FINANCIAL PART" درج ہوگا، نہیں کھولے جائیں گے اور دوسری عوامی کھولی جائے گی (Second Public Opening) تک خریدار کی محفوظ تحویل میں رکھے جائیں گے۔ پری بڈ میٹنگ، ITB 7.1 کے مطابق 11 جون 2026 کو منعقد کی جائے گی۔
7. تمام بولیوں کے ساتھ "بڈ سیکیورٹی" کے طور پر US$ 155,000/- (ایک لاکھ پچپن ہزار امریکی ڈالر) یا PKR 44,000,000/- (چار کروڑ چالیس لاکھ پاکستانی روپے) جمع کروانا لازم ہوگا۔
8. توجہ پروکیورمنٹ قوانین کی اس شرط کی جانب مبذول کروائی جاتی ہے جس کے تحت قرض لینے والا کو کامیاب بولی دہندہ کی بینیفیشل اونرشپ سے متعلق معلومات کنٹریکٹ ایوارڈ نوٹس کے حصے کے طور پر ظاہر کرنا ہوں گی، جس کے لیے بینیفیشل اونرشپ ڈسکلوزر فارم استعمال کیا جائے گا جیسا کہ بولی دستاویز میں شامل ہے۔
9. مندرجہ بالا حوالہ دیا گیا پتہ درج ذیل ہے:

چیف انجینئر (ڈیولپمنٹ) PMU حیسکو

بنگلہ نمبر A-1، حیسکو کالونی، حسین آباد، حیدرآباد، سندھ، پاکستان

فون: 022-9260070 | فیکس: 022-9260525 | ای میل: cedevhesco@gmail.com | cepmu@hesco.gov.pk

PID (H)414/2025

ٹینڈر نوٹس

ایف جی فضائیہ پبلک سکول سیکنڈ شفٹ ای نائن اسلام آباد کو فرنیچر (ڈیسک، کرسیاں، بنچ، روسٹرم، الماریاں وغیرہ) کی خریداری کے لیے سربمہر ٹینڈرز مطلوب ہیں۔ گورنمنٹ رجسٹرڈ (جی ایس ٹی اور این ٹی این) اور مالی طور پر مستحکم فرموں سے مورخہ 03 جون 2026 دن 03:00 بجے تک سربمہر ٹینڈر بمع 5% کال ڈپازٹ بنام پرنسپل مطلوب ہیں۔ ٹینڈر اسی دن بولی دہندگان یا ان کے مجاز نمائندگان کی موجودگی میں دن 04:00 بجے کھولے جائیں گے۔ ٹینڈر فارم بعوض ہزار روپے (ناقابل واپسی) اور کام کی تفصیل اور شرائط دفتر سکول ہذا سے دفتری اوقات میں حاصل کیے جاسکتے ہیں۔ زیر دستخطی پیپرا کے قوانین کے مطابق کسی بھی پیشکش/ٹینڈر کو مسترد کرنے کی کلی مجاز ہے۔ ٹینڈر ریٹ کی معیاد 90 دن ہوگی۔

دفتری اوقات: دن 02:00 بجے سے 05:00 بجے تک

پرنسپل
ایف جی فضائیہ پبلک سکول سیکنڈ شفٹ ای نائن اسلام آباد
فون نمبر 051-9262093

Punjab Central Business District Development Authority
Government of the Punjab
ONWARD UPWARD PUNJAB

CORRIGENDUM

Design, Build, Finance, Own, Operate & Maintain (DBFOOM) the Retail Plot (Azalea) at CBD Quaid District

This is with reference to the Tender Notice published on April 25, 2026, vide SPL - 369 regarding the Project titled "**Design, Build, Finance, Own, Operate & Maintain (DBFOOM) the Retail Plot (Azalea) at CBD Quaid District**" by Punjab Central Business District Development Authority (PCBDDA).

The Bid Opening Schedule is extended as per the following schedule:

Sr. No.	Event	Original Date & Time	Extended Date & Time
1	RFP Procurement Deadline	May 20, 2026	June 03, 2026
2	Proposal Submission Deadline	May 20, 2026, at 01:00 PM	June 03, 2026, at 01:00 PM
3	Proposal Opening Date & Time	May 20, 2026, at 01:30 PM	June 03, 2026, at 01:30 PM

The Corrigendum and RFP are available on website of PCBDDA (www.cbdpunjab.gov.pk). All other terms and conditions of the tender notice shall remain the same.

SPL-517

Punjab Central Business District Development Authority (PCBDDA)
CBD Complex (Old Walton Airport), near Naval Base, Lt. (Navy) Yasir Shaheed Road, Lahore.
TEL: 042-111722332 | Email: procurement@cbdpunjab.gov.pk

آج کی بچت روشن مستقبل کی ضمانت

PESCO TENDER CANCELLATION

Invitation to e-bid

Reference to PESCO invitation to e-bid (DGPR-**110**/25-26) published in this News Paper on **13/05/2026**, regarding **"225- GSO(2026) 10/13 MVA Power Transformer"** is hereby cancelled on Technical grounds.

This advertisement / cancellation is also available on PESCO web site **www.pesco.com.pk** & PPRA web site **www.ppra.org.pk**

DGPR-116/25-26

Manager (Disposal)
PESCO H/Q, Peshawar

کلاسیفائیڈ

اندراج فوتگی

میرا بھائی سید احمد ذیشان ولد نور اللہ مورخہ 13 نومبر 2025ء کو فوت ہو چکا تھا جس کا اندراج یونین کونسل لوہی بھیر اسلام آباد میں بروقت نہ کروا سکے۔ اندراج کے لیے ڈپٹی کمشنر کو درخواست دی ہے اگر کسی کو اعتراض ہو تو سات یوم کے اندر رجوع کرے ورنہ یکطرفہ کارروائی عمل میں لائی جائے گی سید احمد سفیان ولد نور اللہ سکنہ بحریہ ٹاؤن فیز 3، مکان نمبر 2047، سٹریٹ نمبر 65، اسلام آباد۔

بقیہ 1 — طلب

حکام نے عدالت کو بتایا کہ تعلیمی اداروں میں ڈیلیوری بوائز اور رائیڈرز کے لیے مخصوص جگہ مختص کردی گئی ہے اور ہر آنے والے کی چیکنگ بھی کی جاتی ہے۔ عدالت نے ہدایت کی کہ تعلیمی اداروں میں باقاعدہ مانیٹرنگ کی جائے اور رپورٹ پیش کی جائے، جبکہ اسلام آباد ضلعی انتظامیہ اور پولیس کو بھی منشیات کے خلاف مؤثر اقدامات اور نگرانی یقینی بنانے کا حکم دیا گیا۔ وکیل کاشف ملک نے عدالت کو بتایا کہ اب یونیورسٹیوں اور کالجوں کے بعد سکولوں میں بھی منشیات عام ہو چکی ہے اور ساتویں، آٹھویں جماعت کے بچے بھی اس لعنت کا شکار ہیں۔ وکیل رافع ایڈووکیٹ نے مؤقف اپنایا کہ اسلام آباد میں چھوٹے کریانہ سٹورز پر بھی منشیات آسانی سے دستیاب ہے۔ دوران سماعت جسٹس انعام امین منہاس نے ڈی ایس پی لیگل ساجد چیمہ کی کارکردگی کا ذکر کرتے ہوئے کہا کہ جو افسر اچھا کام کر رہا ہو اسے تبدیل کر دیا جاتا ہے۔ عدالت نے میڈیا کو بھی منشیات کے خلاف پرائم ٹائم آگاہی مہم چلانے کی ہدایت کرتے ہوئے متعلقہ حکام سے رپورٹ طلب کرلی۔ اسلام آباد ہائیکورٹ نے تعلیمی اداروں میں منشیات کے خاتمے سے متعلق ایچ ای سی، پولیس اور ضلعی انتظامیہ سے مانیٹرنگ رپورٹس طلب کرتے ہوئے کیس کی سماعت جون کے آخری ہفتے تک ملتوی کردی۔

بقیہ 2 — نافذ

عالمی ادارہ صحت نے جمہوریہ کانگو میں ایبولا کے پھیلاؤ کو بین الاقوامی سطح پر صحت عامہ کیلئے ہنگامی صورتحال قرار دیا ہے، تاہم عالمی ادارہ صحت کی جانب سے بین الاقوامی سطح پر صحت عامہ کی ہنگامی صورتحال قرار دینے کا یہ مطلب نہیں کہ ہم کووڈ جیسی وبا کے ابتدائی مرحلے میں ہیں۔ اس وبا سے نمٹنا مشکل ہے کیونکہ اس میں ایک نایاب قسم شامل ہے جس کے لیے کوئی ویکسین موجود نہیں ہے اور کیسز ایسے علاقے میں سامنے آئے ہیں جو تنازع سے متاثر ہے، ایبولا وائرس عموماً جانوروں کو متاثر کرتے ہیں، خاص طور پر پھل کھانے والی چمگادڑوں کو لیکن انسانوں میں وبا اس وقت شروع ہو سکتی ہے جب لوگ متاثرہ جانوروں کو کھاتے یا سنبھالتے ہیں۔ ماہرین کے مطابق اس کی علامات ظاہر ہونے میں دو سے 21 دن لگتے ہیں، یہ اچانک ظاہر ہوتی ہیں اور فلو کی طرح شروع ہوتی ہیں، جن میں بخار، سر درد اور تھکن شامل ہیں، جیسے جیسے بیماری بڑھتی ہے، قے اور اسہال شروع ہو جاتے ہیں اور یہ اعضا کی ناکامی کا باعث بن سکتی ہے جس سے کچھ مریضوں میں اندرونی یا بیرونی خون کا اخراج بھی ہو سکتا ہے۔ یہ وائرس ایک شخص سے دوسرے شخص میں متاثرہ جسمانی رطوبتوں جیسے خون یا قے کے ذریعے پھیلتا ہے۔

بقیہ 3 — یقین دہانی

کیا۔ اس موقع پر پریس کلب کی نومنتخب کابینہ کے ارکان اور سینئر صحافی بھی موجود تھے۔ دانیال چوہدری نے نومنتخب قیادت کو مبارکباد دیتے ہوئے کہا کہ صحافی معاشرے کی آنکھ اور کان ہوتے ہیں اور جمہوریت کے استحکام میں میڈیا کا کردار نہایت اہم ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت صحافیوں کی فلاح و بہبود، پیشہ ورانہ مسائل کے حل اور آزادی صحافت کے فروغ کیلئے سنجیدہ اقدامات کر رہی ہے۔

DAILY MUMTAZ
روزنامہ
ممتاز
بدھ، 20 مئی، 2026، 03 ذوالحجہ، 1447ھ

اگر تم کو علم نہیں تو اہل ذکر سے دریافت کرلو (القرآن)

ایڈیٹوریل

فون نمبر: 051-8437994-3
ای میل: editorialmumtaz@gmail.com

نام نہاد کالے دھن کی اصل حقیقت

پاکستان میں ''کالے دھن'' کو اکثر ایک ایسے مسئلے کے طور پر بیان کیا جاتا ہے جس کا خاتمہ ناگزیر ہے۔ سرکاری افسران اور ٹیلی ویژن مذاکرے اسے ایسی دولت قرار دیتے ہیں جو غیر قانونی ہو، جس پر ٹیکس ادا نہ کیا گیا ہو یا جو کسی جرم سے منسلک ہو۔ تاہم یہ سوچ بہت سادہ ہے اور اصل مسئلے کو نظر انداز کر دیتی ہے۔ جب مختلف ذرائع سے حاصل شدہ دولت کو ایک ہی زمرے میں شامل کر دیا جاتا ہے تو اس کے نتیجے میں ناقص پالیسیاں بنتی ہیں اور ان پالیسیوں کی وجہ سے الجھاؤ پیدا ہوتا ہے، لوگوں سے غیر منصفانہ برتاؤ کیا جاتا ہے اور معاشی ترقی میں سست روی پیدا ہوتی ہے۔ اسی سوچ کی وجہ سے بہت سے لوگ اپنی دولت کو پیداواری انداز میں استعمال کرنے کے بجائے اسے چھپانے کو ترجیح دیتے ہیں۔ اپنی دولت کاروبار میں لگانے کے بجائے نقدی، سونے یا جائیداد کی شکل میں محفوظ کرنے لگتے ہیں۔ مختلف اقسام کی دولت کے درمیان فرق کو نہ سمجھ پانا حکومت کی ان ناکامیوں میں سے ایک ہے جس کی وجہ سے پاکستان ترقی کرنے میں مشکلات کا شکار ہے اور بیرونی امداد پر زیادہ انحصار کرتا ہے۔ اس مسئلے کو حل کرنے کیلئے ہمیں سب سے پہلے یہ سمجھنا ہوگا کہ ''کالے دھن'' کی ایک قسم نہیں بلکہ اس کی تین اقسام ہیں اور ہر قسم کیلئے مختلف پالیسیاں بنانے کی ضرورت ہے۔ پہلی قسم وہ دولت ہے جو جرائم سے حاصل کی جاتی ہے۔ اس میں منشیات کی سمگلنگ، غیر قانونی تجارت، جوا اور رشوت شامل ہیں۔ اس دولت کی سختی سے تفتیش ہونی چاہیے اور قانون کے سخت نفاذ کے ذریعے ایسی دولت رکھنے والوں کو سزا دی جانی چاہیے۔ دوسری قسم وہ دولت ہے جو قانونی طریقے سے کمائی جاتی ہے لیکن ٹیکس سے بچنے کیلئے چھپائی جاتی ہے، جیسے اشیا اور خدمات کی فروخت پر کم آمدن ظاہر کرنا یا واجب الادا ٹیکس کم کرنے کیلئے جعلی اخراجات دکھانا۔ جائز طریقے سے اس دولت کو چھپانے کا عمل اسے غیر قانونی بنا دیتا ہے۔ ایسی دولت کو مناسب جرمانوں کے ساتھ ٹیکس کے نظام میں لایا جانا چاہیے۔ کالے دھن کی تیسری قسم سب سے عام اور اہم ہے۔ یہ وہ دولت ہے جو نہ تو مجرمانہ ہوتی ہے اور نہ ہمیشہ جان بوجھ کر چھپائی جاتی ہے۔ یہ صرف اس لیے رسمی نظام سے باہر موجود ہوتی ہے کیونکہ یہ نظام پیچیدہ، ناقابلِ اعتماد یا غیر منصفانہ ہے۔ بہت سے لوگ نقدی میں کماتے ہیں، غیر رسمی طریقے سے بچت کرتے ہیں یا اپنے اثاثے کسی اور کے نام پر رکھتے ہیں کیونکہ سرکاری نظام سے نمٹنا مشکل یا پُرخطر ہوتا ہے۔ اس کا یہ مطلب نہیں کہ ٹیکس سے بچنا قابلِ قبول بات ہے لیکن ہمیں یہ بھی سمجھنا ہوگا کہ لوگ نظام سے باہر کیوں رہتے ہیں۔ جب حکومت ہر دولت کو مشکوک سمجھتی ہے تو وہ اسے ختم نہیں کرتی بلکہ لوگوں کو مجبور کر دیتی ہے کہ اسے پوشیدہ رکھیں۔

ایک اور غلط فہمی یہ ہے کہ رسمی معیشت اور غیر رسمی معیشت الگ الگ ہیں۔ حقیقت میں یہ ایک دوسرے سے مضبوطی سے جڑی ہوئی ہیں۔ غیر رسمی کاروبار رسمی کمپنیوں سے خریداری کرتے ہیں اور رسمی کمپنیاں غیر رسمی کاروباروں کو چیزیں یا

مہمان کالم

شاہد کاردار

خدمات فروخت کرتی ہیں۔ ان کے درمیان دولت کا بہاؤ مسلسل جاری رہتا ہے۔ مثال کے طور پر جائیداد کے سودوں میں اکثر ادائیگی کے ایک حصے کو چھپانا عام بات ہے، خواہ لین دین بظاہر قانونی ہی ہو۔ یہ صورتحال رسمی کاروباروں پر غیر منصفانہ بوجھ ڈالتی ہے۔ انہیں سخت قواعد پر عمل کرنا، ٹیکس ادا کرنا اور ریکارڈ رکھنا پڑتا ہے جبکہ ان کا مقابلہ ایسے غیر رسمی کاروباروں سے ہوتا ہے جو ان تقاضوں اور پابندیوں کو مدنظر نہیں رکھتے۔ نتیجتاً ہمارا نظام ایسا ہے جو خود ہی قواعد کی پابندی کی حوصلہ شکنی کرتا ہے۔ جب لوگوں کو محسوس ہوتا ہے کہ ان کی دولت ہمیشہ شک کی نظر سے دیکھی جاتی ہے تو ان کا نظام پر اعتماد نہیں رہتا۔ وہ ترقی کے بجائے تحفظ کو ترجیح دیتے ہیں۔ کاروبار یا بینکوں میں سرمایہ کاری کرنے کے بجائے وہ اپنی دولت نقدی، سونے یا جائیداد میں محفوظ کرتے ہیں۔ یہ طریقے زیادہ پیداواری نہیں ہوتے لیکن زیادہ محفوظ سمجھے جاتے ہیں۔ اس صورتحال سے ایک بڑا معاشی مسئلہ پیدا ہوتا ہے۔ کسی ملک کی ترقی کیلئے ضروری ہے کہ بچت کو سرمایہ کاری میں تبدیل کیا جائے۔ بینک اور مالیاتی نظام بچت کرنے والوں سے دولت لے کر کاروبار کرنے والوں تک پہنچاتے ہیں۔ لیکن جب دولت نظام سے باہر رہتی ہے تو یہ عمل متاثر ہوتا ہے۔ کاروبار آسانی سے قرض حاصل نہیں کر پاتے، سرمایہ کاری سست ہو جاتی ہے اور ترقی متاثر ہوتی ہے۔ پاکستان کا بیرونی قرضوں اور امداد پر انحصار بھی اسی مسئلے سے منسلک ہے۔ ملک کے اندر بڑی مقدار میں دولت موجود ہے لیکن وہ مؤثر طریقے سے استعمال نہیں ہو رہی کیونکہ وہ رسمی دستاویزی نظام سے باہر ہے۔

حکومتی پالیسیاں ایسی رہی ہیں جن سے اکثر صورتحال مزید خراب ہوئی۔ یہ پالیسیاں غیر رسمی ذرائع سے حاصل کی گئی دولت کو ملک سے باہر لے جانے اور پھر بیرونی سرمایہ کاری یا ترسیلات کی شکل میں واپس لانے کی اجازت دیتی ہیں۔ اس عمل سے حکومت کو کچھ ادا کیے بغیر ایسی دولت کو قانونی حیثیت مل جاتی ہے۔ ٹیکس معافی کی سکیموں سے بھی غلط پیغام جاتا ہے کہ ٹیکس نہ دیا جائے تو بعد میں کسی وقت کسی سکیم کے ذریعے اس کی معافی مل سکتی ہے۔ ایسی معافی کی سکیموں کا غیر متوقع نفاذ لوگوں کو رسمی نظام کا حصہ بننے سے روکتا ہے۔ اگر افراد کو ہراسانی، غیر منصفانہ ٹیکس یا جرمانوں کا خوف ہو تو وہ اپنی دولت کو غیر دستاویزی رکھنا پسند کرتے ہیں۔ ان تمام اقسام کی دولت کو ''کالا دھن'' کہنا اور اسے معیشت سے خارج کرنے کی کوشش نہ صرف غلط بلکہ نقصان دہ ہے۔ کوئی بھی کامیاب ملک اپنی ہی دولت کو رد کر کے ترقی نہیں کر سکتا۔ مقصد سرمائے کا اخراج نہیں بلکہ شمولیت ہونا چاہیے۔ اس کا یہ مطلب نہیں کہ ہر قسم کی دولت کو بغیر پوچھ کچھ کے قبول کر لیا جائے۔ مجرمانہ آمدن سے سختی سے نمٹنا چاہیے، جس میں تفتیش، سزا اور ضبطی شامل ہو لیکن وہ دولت جو قانونی طور پر کمائی گئی ہو خواہ اس پر ٹیکس ادا نہ کیا گیا ہو، اسے عام ٹیکس قوانین کے ذریعے، مناسب جرمانوں کے ساتھ نظام میں لایا جانا چاہیے۔

ایک بڑا مسئلہ یہ ہے کہ حکومت کے پاس واضح معلومات کی کمی ہے کہ کس کے پاس کتنی دولت، آمدن کہاں سے آتی ہے اور اثاثے کیسے منتقل ہوتے ہیں؟ زمین کے ریکارڈز نامکمل ہیں اور کاروباری ملکیت اکثر غیر واضح ہوتی ہے۔ اس کمزوری کی وجہ سے ''کالے دھن'' کی اصطلاح کو ایک مبہم لیبل کے طور پر استعمال کیا جاتا ہے بجائے اس کے کہ حقیقی معنوں میں انتظامی مسائل حل کیے جائیں۔ حقیقت یہ ہے کہ کاروباری سرگرمیوں اور کاروباری افراد کو بہت زیادہ قواعد، منظوریوں اور تاخیری ہتھکنڈوں کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ عدالتی مقدمات برسوں تک چلتے رہتے ہیں۔ یہ مسائل ایک طرح سے پوشیدہ ٹیکس کی طرح ہیں کیونکہ ان کی وجہ سے کاروبار کا منافع کم ہو جاتا ہے اور غیر یقینی بڑھ جاتی ہے۔ جب کاروبار کرنے والے کو نظام پہلے ہی غیر منصفانہ محسوس ہو تو لوگ ایمانداری سے ٹیکس ادا کرنے میں دلچسپی نہیں لیتے۔ ایک بہتر طریقہ یہ ہوگا کہ ''کالا دھن'' کی مبہم اصطلاح کو ترک کر کے ''غیر دستاویزی دولت'' کی واضح اقسام کو اختیار کیا جائے، یعنی مجرمانہ آمدن، غیر ادا شدہ ٹیکس والی آمدن اور غیر دستاویزی دولت کو الگ الگ طریقے سے دیکھا جائے۔ ٹیکسز سادہ، قواعد واضح اور ریکارڈ کو ڈیجیٹل بنانا چاہیے۔ اب ڈیجیٹل نظام کو نافذ کرنا نسبتاً آسان ہے کیونکہ بینک اکاؤنٹس کا آپریشن ہو یا جائیداد، گاڑیوں، سٹاک مارکیٹ اور بڑے بڑے اثاثوں کا لین دین، یہ سب کچھ قومی شناختی کارڈ کے ذریعے کیا جاتا ہے۔ سب سے اہم بات، لوگوں کو رسمی نظام کا حصہ بننے سے حقیقی فوائد نظر آئیں، جیسے مالی سہولتوں تک رسائی، قانونی تحفظ اور کاروباری مواقع۔ نظام کا حصہ بننے میں فائدہ محسوس ہونا چاہیے نہ کہ خطرہ۔ پاکستان اس وقت تک ترقی نہیں کر سکتا جب تک وہ اپنی ہی بچت کو مشکوک سمجھتا رہے گا۔ ترقی تب آئے گی جب ان بچتوں کو مؤثر انداز میں استعمال کیا جائے گا۔ ملکی دولت کو مسئلہ سمجھنے کے بجائے اسے ایک قیمتی وسیلہ سمجھنا ہوگا۔ (بشکریہ، روزنامہ دنیا)

ایمانیات

علمی خدمات صدقہ جاریہ

حضرت ابوہریرہؓ سے روایت ہے فرماتے ہیں کہ اللہ کے رسولؐ نے ارشاد فرمایا کہ لوگ کان کے مانند ہیں جیسے سونے اور چاندی کی کانیں ہوتی ہیں۔ اُن میں جو لوگ زمانہ جاہلیت میں اچھے اور بہتر تھے وہ اسلام لانے کے بعد بھی اُن میں کے اچھے اور بہتر ہی ہوں گے بشرطیکہ وہ دین کا علم حاصل کر لیں۔ (رواہ مسلم) (بحوالہ مشکوٰۃ: ۳۲/۱)

فائدہ: انسان اشرف المخلوقات ہے۔ اللہ تعالیٰ نے اُس کے اندر فطری طور پر گوناگوں صلاحیتیں ودیعت فرمائی ہیں، جو عموماً مخفی اور پوشیدہ ہوتی ہیں۔ اگر ان پر صحیح ڈھنگ سے محنت کی جائے اور اُن کو صحیح رخ دیا جائے تو انسان محیر العقول کارنامے انجام دے کر قابلِ صد رشک بن جاتا ہے۔ اس حقیقت کو بیان کرنے کے لیے آپؐ نے انسانوں کو معدنیات کی کان سے تشبیہ دی ہے کہ جس طرح مٹی کے تودوں میں سونے، چاندی اور مختلف دھاتوں کے ذرّات پوشیدہ ہوتے ہیں، اگر اُس مٹی پر صحیح ڈھنگ سے محنت کی جائے تو اُس سے خالص سونا چاندی اور مختلف دھاتیں برآمد کی جاسکتی ہیں۔

حضرت ابوہریرہؓ سے روایت ہے فرماتے ہیں کہ اللہ کے رسولؐ نے ارشاد فرمایا کہ جب آدمی مرجاتا ہے تو اُس کے عمل کے ثواب کا سلسلہ اُس سے منقطع ہو جاتا ہے سوائے تین چیزوں کے۔ وہ تین ۳ چیزیں یہ ہیں: صدقہ جاریہ، وہ علم کہ جس سے فائدہ اٹھایا جائے اور نیک اولاد کے جو اُس کے لیے دعا کرے۔ (ان چیزوں کا ثواب آدمی کو مرنے کے بعد بھی ملتا رہتا ہے) (رواہ مسلم) (بحوالہ مشکوٰۃ: ۳۲/۱)

فائدہ: اِس دنیا سے وفات پا جانے کے بعد بھی جن اعمال کا اجر و ثواب آدمی کو ملتا رہتا ہے اُن میں آپؐ نے علم ینتفع بہ کو بھی بیان فرمایا۔ جس سے مراد دینی علوم سے متعلق وہ تمام خدمات ہیں جن سے بندگانِ خدا کو نفع پہنچے۔ جیسے تصنیف و تالیف، درس و تدریس، تحقیق و ریسرچ، مضمون نویسی و مقالہ نگاری، دینی کتابوں کی نشر و اشاعت وغیرہ وغیرہ۔

سبحان اللہ! اُن علمائے دین کے کیا مقام و مرتبہ ہوں گے اور اُن کی حسنات میں کس قدر اضافہ ہوتا ہوگا جنھوں نے اپنی زندگیاں علمی خدمات کے لیے وقف کر رکھی تھیں۔ جن کی تصنیف کردہ کتابیں ہزاروں اور لاکھوں کی تعداد میں شائع ہو رہی ہیں۔ جا بجا پڑھی اور پڑھائی جارہی ہیں اور ایک خلقِ کثیر اُن سے فائدہ اٹھا رہی ہے۔ اللہ کرے کہ ہمارے اور آپ کے ذریعہ بھی کوئی ایسی علمی خدمت انجام پا جائے کہ ہم اپنی قبروں میں آرام سے ہوں اور روزانہ اجر و ثواب کا ایک بڑا ذخیرہ ہمارے نامۂ اعمال میں شامل ہوتا رہے، وما توفیقنا الا باللہ۔

ٹرمپ کا دورہ چین اور عالمی تضادات

دنیا کی سیاست اس وقت ایک ایسے موڑ پر کھڑی ہے جہاں طاقت، تجارت، ٹیکنالوجی اور سفارت کاری ایک دوسرے میں یوں گڈمڈ ہو چکے ہیں کہ

مہمان کالم

پیر فاروق بہاو الحق

کسی ایک ملک کا فیصلہ پوری دنیا کی معیشت اور امن پر اثر انداز ہوتا ہے۔ ایسے ماحول میں امریکی صدر ٹرمپ کا دورہ چین عالمی سیاست کا ایک غیر معمولی واقعہ قرار دیا جا رہا ہے۔ دنیا جانتی ہے کہ گزشتہ چند برسوں میں امریکہ اور چین کے تعلقات شدید تناؤ، تجارتی جنگ، ٹیکنالوجی کی پابندیوں اور عالمی بالادستی کی کشمکش کا شکار رہے ہیں۔ ایسے میں جب واشنگٹن اور بیجنگ ایک بار پھر مذاکرات کی میز پر آتے ہیں تو اس کے اثرات ایشیا سے یورپ اور مشرق وسطیٰ تک محسوس کیے جاتے ہیں۔

امریکہ طویل عرصے سے چین کو اپنا سب سے بڑا معاشی اور تزویراتی حریف قرار دیتا رہا ہے۔ امریکی پالیسی ساز بار بار دنیا کو یہ باور کراتے رہے کہ چین کی بڑھتی ہوئی معاشی طاقت عالمی نظام کے لیے خطرہ بن سکتی ہے۔ اسی سوچ کے تحت کئی ممالک کو چین کے ساتھ اقتصادی انحصار کم کرنے کا مشورہ دیا گیا، چینی کمپنیوں پر پابندیاں لگائی گئیں، ٹیکنالوجی کی منتقلی محدود کی گئی اور عالمی منڈی میں چین کے اثر و رسوخ کو روکنے کی کوشش کی گئی۔ لیکن دوسری طرف جب صدر ٹرمپ خود چین پہنچتے ہیں اور اپنے ساتھ ایک درجن سے زائد بڑی امریکی کمپنیوں کے سربراہان لے کر جاتے ہیں تو یہ منظر عالمی سیاست کے کئی تضادات کو بے نقاب کر دیتا ہے۔ یہ حقیقت کسی سے پوشیدہ نہیں کہ عالمی سیاست میں مستقل دوست یا دشمن نہیں ہوتے بلکہ مفادات اصل بنیاد ہوتے ہیں۔ امریکہ اگر ایک طرف دنیا کو چین سے محتاط رہنے کا درس دیتا ہے تو دوسری طرف خود چین کی وسیع منڈی سے فائدہ اٹھانے کے لیے بے تاب بھی دکھائی دیتا ہے۔ امریکی معیشت کے بڑے ستون سمجھی جانے والی کمپنیاں جانتی ہیں کہ چین کی اربوں ڈالر کی مارکیٹ سے لاتعلق ممکن نہیں۔ یہی وجہ ہے کہ تجارتی جنگوں اور سخت بیانات کے باوجود امریکی سرمایہ کار چین سے مکمل علیحدگی اختیار نہ کر سکے۔ اس دورے کا ایک اور دلچسپ اور متنازع پہلو وہ تھا جس نے انسانی حقوق اور خصوصاً خواتین کے حقوق کے حوالے سے امریکہ کے بیانیے پر سوالات کھڑے کر دیے۔ امریکہ خود کو ہمیشہ خواتین کی آزادی، مساوات اور نمائندگی کا سب سے بڑا علمبردار قرار دیتا ہے۔ دنیا بھر میں خواتین کے حقوق کے نام پر بیانات دیے جاتے ہیں، دوسرے ممالک پر دباؤ ڈالا جاتا ہے اور جمہوریت و مساوات کے لیکچر دیے جاتے ہیں۔ مگر حیرت انگیز طور پر اس اہم وفد میں ایک بھی خاتون شامل نہ تھی۔ یہ منظر خود امریکی دعوؤں کے لیے ایک سوالیہ نشان بن گیا۔ اگر خواتین کی شمولیت واقعی امریکی اقدار کا بنیادی حصہ ہے تو پھر دنیا کے اہم ترین سفارتی اور معاشی دورے میں خواتین کی مکمل عدم موجودگی کو کس طرح جواز دیا جائے؟ اسی طرح چین کے وفد میں بھی کوئی خاتون شامل نہ تھی۔ یہ تضاد صرف امریکہ تک محدود نہیں بلکہ عالمی سیاست کا عمومی المیہ بن چکا ہے۔ طاقتور ممالک اکثر اصولوں اور اقدار کی بات کرتے ہیں لیکن جب مفادات سامنے آتے ہیں تو انہی اصولوں کو پس پشت ڈال دیا جاتا ہے۔ انسانی حقوق، جمہوریت، آزادی اظہار اور خواتین کے حقوق جیسے نعرے اکثر سفارتی دباؤ کے ہتھیار کے طور پر استعمال ہوتے ہیں، جبکہ عملی سیاست میں اقتصادی فائدہ اور تزویراتی مفاد سب سے اوپر آ جاتا ہے۔ عالمی سطح پر اس دورے کے کئی اہم اثرات مرتب ہو سکتے ہیں۔ سب سے پہلے تو اس سے عالمی منڈیوں میں اعتماد بحال ہونے کی امید پیدا ہوئی ہے۔ گزشتہ برسوں میں امریکہ اور چین کے درمیان کشیدگی نے دنیا بھر کی معیشتوں کو غیر یقینی صورتحال سے دوچار رکھا۔ تیل کی قیمتوں سے لے کر ٹیکنالوجی کی سپلائی چین تک ہر شعبہ متاثر ہوا۔ اگر دونوں ممالک اپنے اختلافات میں کمی لاتے ہیں تو عالمی تجارت کو استحکام مل سکتا ہے۔

دوسرا اہم اثر جغرافیائی سیاست پر پڑے گا۔ ایشیا میں چین کے بڑھتے اثر و رسوخ کے باعث امریکہ نے اپنے اتحادیوں کو متحرک رکھا ہوا ہے۔ جاپان، جنوبی کوریا، بھارت اور آسٹریلیا جیسے ممالک امریکی حکمت عملی کا حصہ رہے ہیں۔ لیکن اگر واشنگٹن اور بیجنگ کے تعلقات میں بہتری آتی ہے تو خطے میں کشیدگی کم ہونے کے امکانات پیدا ہوں گے۔ خاص طور پر تائیوان کے مسئلے پر دنیا ایک خطرناک تصادم کے خدشات محسوس کرتی رہی ہے۔ دو بڑی طاقتوں کے درمیان براہ راست رابطے کسی بھی غلط فہمی کو کم کر سکتے ہیں۔ اسی طرح مشرق وسطیٰ اور یورپ بھی اس تعلق سے متاثر ہوں گے۔ روس یوکرین جنگ کے بعد دنیا پہلے ہی غیر یقینی کیفیت میں مبتلا ہے۔ اگر امریکہ اور چین میں تصادم بڑھتا تو دنیا ایک نئی سرد جنگ کی طرف جا سکتی تھی۔ لیکن سفارتی رابطوں کی بحالی اس امکان کو کم کر سکتی ہے۔ دنیا کو اس وقت محاذ آرائی نہیں بلکہ تعاون کی ضرورت ہے، کیونکہ غربت، ماحولیاتی تبدیلی، مہنگائی اور جنگیں پوری انسانیت کے مشترکہ مسائل بن چکی ہیں۔

یہ بھی حقیقت ہے کہ امریکہ اور چین دونوں ایک دوسرے کے بغیر مکمل طور پر نہیں چل سکتے۔ چین کو امریکی ٹیکنالوجی، سرمایہ اور عالمی مالیاتی نظام کی ضرورت ہے جبکہ امریکہ کو چینی منڈی، سستی مصنوعات اور صنعتی سپلائی چین درکار ہے۔ یہی باہمی انحصار شاید دنیا کو کسی بڑے تصادم سے بچائے ہوئے ہے۔ طاقتور ممالک جب مذاکرات کرتے ہیں تو صرف اپنے مفادات نہیں بلکہ پوری دنیا کے مستقبل کا تعین بھی کرتے ہیں۔ صدر ٹرمپ کے دورہ چین کو اگرچہ تضادات، مفادات اور سیاسی مفاہمت کا مجموعہ قرار دیا جا سکتا ہے، لیکن اس کے باوجود اس میں امید کی ایک کرن موجود ہے۔ دنیا جنگوں، پابندیوں اور نفرت کی سیاست سے تھک چکی ہے۔ انسانیت کو اب ایسے فیصلوں کی ضرورت ہے جو تباہی نہیں بلکہ استحکام کی طرف لے جائیں۔ اگر واشنگٹن اور بیجنگ اپنی رقابت کو مکمل دشمنی میں بدلنے کے بجائے ذمہ دارانہ مقابلے تک محدود رکھتے ہیں تو یہ پوری دنیا کے لیے فائدہ مند ہوگا۔ (بشکریہ، روزنامہ جنگ)

فرمانِ قائد

ایمان، اتحاد، تنظیم

ہمیں دنیا کے سامنے ایک مثالی معاشی نظام پیش کرنا ہے جو انسانی مساوات اور معاشی انصاف کے سچے اسلامی تصورات پر قائم ہو، ایسا نظام پیش کر کے ہم بحیثیت مسلمان اپنا مشن پورا کریں گے۔

کلامِ اقبال

یقین محکم، عمل پیہم

کس نے ٹھنڈا کیا آتشکدۂ ایراں کو
کس نے پھر زندہ کیا تذکرۂ یزداں کو
کون سی قوم فقط تیری طلبگار ہوئی
اور تیرے لیے زحمت کش پیکار ہوئی

18 سال کی عمر کے نوجوان ''شرپسند''

رانا ثناء اللہ کے سیاسی مخالفین بھی نجی محفلوں میں انہیں عوام کا نبض شناس تسلیم کرتے ہیں۔ مسلم لیگی حکومت سے مایوس ہوئے عاشقانِ نواز شریف انہیں اپنا ترجمان سمجھتے ہیں۔ اس کا اندازہ مجھے چند

برملا

نصرت جاوید

روز قبل چوتی زریں سے مسلم لیگ (نون) کے ایک دیرینہ وفادار کی جانب سے آئے ٹیلی فون کی بدولت ہوا۔ وہ رانا صاحب سے رابطے کے ذریعے مسلم لیگ کی صفوں میں ''انقلابی روح'' پھونکنے کی تمنا باندھے ہوئے تھے۔ اتوار کی صبح مگر موبائل فون پر سوشل میڈیا کا پھیرا لگاتے ہوئے ایک کلپ پر نگاہ پڑ گئی۔ وہ کلپ سلیم صافی کی رانا صاحب سے ایک ٹی وی شو کے لئے ہوئی گفتگو سے اٹھائی گئی تھی۔ اس کے ذریعے رانا صاحب نے یہ عندیہ دیا کہ آئین میں 28ویں ترمیم مختلف آئینی مسائل طے کرتے ہوئے ووٹر کی کم از کم عمر 18 سال سے بڑھا کر 25 برس کر سکتی ہے۔

فیک نیوز کے دور میں اس کلپ پر اعتبار کا حوصلہ نہ ہوا۔ اتفاق سے مگر صافی بھائی نے جس ٹیلی وژن نیٹ ورک کے لئے رانا ثناء اللہ صاحب کا انٹرویو کیا تھا اس سے منسلک اردو اخبار پڑھا تو وہاں بھی رانا صاحب کی جانب سے مذکورہ ''خبر'' کا ذکر موجود تھا۔ ہنر ابلاغ کا بے چین طالب علم ہوتے ہوئے رانا ثناء اللہ صاحب کی جانب سے ووٹر کی عمر 18 سال سے بڑھانے کے ذکر نے مجھے یہ سوچنے کو مجبور کیا کہ آئندہ انتخابات کب متوقع ہیں۔ سیاسی منظر نامے کی سست روی واضح اشارے دے رہی ہے کہ اپنی بقا میں جتا صحافت اور جی حضوری کی عادی سیاست کے طفیل 2029ء سے قبل نئے انتخابات کا امکان نہیں۔ رانا صاحب جس حکومت کی نمائندگی کر رہے ہیں اس برس اقتدار میں پانچ سال مکمل کر چکی ہوگی۔ 2024ء کے انتخابات سے قبل بھی نواز لیگ دو سال کے قریب حکومت میں رہی تھی۔ نئے انتخابات یوں کہہ لیں کہ اس جماعت کے سات سالہ دورِ اقتدار کے بارے میں ریفرنڈم شمار ہوں گے۔

مذکورہ تناظر میں ووٹر کی عمر 18 سال سے بڑھاتے ہوئے پاکستان مسلم لیگ (نون) یہ اعتراف کرتی دکھائی دے گی کہ وہ بچہ جو اپریل 2022ء میں گیارہ برس کا تھا وہ مسلم لیگ کے سات برس کے دوران بلوغت کی عمر میں داخل ہوتے ہوئے اس کی کارکردگی سے کاملاً مایوس ہو چکا ہے۔ کسی سیاسی جماعت کے سات سالہ دورِ اقتدار کے دوران کم سنی سے بلوغت میں داخل ہوئے نوجوان ہی ناقص کارکردگی کی بنیاد پر مایوس نہیں ہوا کرتے۔ کم سنی سے بلوغت تک پہنچتے ہوئے آپ والدین کے محتاج ہوتے ہیں۔ نوجوانوں کی کسی حکومت کے بارے میں معاشی یا سیاسی اعتبار سے مایوسی درحقیقت ان کے والدین کی سوچ کی عکاسی ہوتی ہے جو یہ محسوس کرتے ہیں کہ اپنے بچوں کے لئے وہ روشن مستقبل یقینی نہیں بنا سکے۔ ایسے حالات میں اگر ووٹر کی کم از کم عمر آپ کے 18 سال کی عمر کو پہنچے افراد کے والدین کی اوسط عمر تک محدود کر دیں تب بھی سات سالہ کارکردگی کی بنا پر عوام کو مایوس کرنے والی جماعت انتخابی نظام کی بدولت دوبارہ برسر اقتدار نہیں آسکتی۔ ووٹر کی کم از کم عمر لہٰذا بنیادی مسئلہ نہیں ہے۔ محض اس مفروضے کو عیاں کرتی ہے کہ 18 سال کی عمر میں داخل ہونے کے بعد ہر نوجوان تبدیلی کا خواہش مند ہوتا ہے۔

چند روز قبل پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں لیوی کی وجہ سے ناقابل برداشت ہوئے اضافے کے خلاف اپنے جذبات کے اظہار کے لئے مجھ سے رابطہ کرنے والے افراد 60 سے زیادہ برس کے تھے۔ ایک صاحب نے اپنی عمر 75 سال بتائی تھی۔ ان سب نے دعویٰ کیا کہ وہ 1988ء سے مسلم لیگ (نون) کے مستقل ووٹر ہیں۔ اب مگر اکتا چکے ہیں۔ زندگی رہی تو آئندہ انتخاب میں اس جماعت کے امیدوار کو ووٹ نہیں دیں گے۔ سوال اٹھتا ہے کہ 18 برس کے نوجوان کو ووٹ کے حق سے محروم کر دینے کے بعد مسلم لیگ (نون) کیوں یہ فرض کئے بیٹھی ہے کہ مہنگائی کی وجہ سے بلبلاتی خلقِ خدا اس کے نامزد کردہ امیدواروں ہی کو ووٹ دے گی۔

آپ کو یہ سن کر حیرت ہوگی کہ جمہوری نظام کے خود ساختہ چیمپئن بنے اس قلم گھسیٹ نے آج تک ووٹ نہیں دیا۔ 1970ء کے برس جب ہمارے ملک میں بالغ رائے دہی کی بنیاد پر پہلا الیکشن ہوا تو میں اپنی عمر کی وجہ سے ووٹ دینے کا حق دار نہیں تھا۔ ووٹ کا حق میسر نہ ہونے کے باوجود مذکورہ انتخابات کے لئے چلائی مہم میں بھرپور حصہ لیا۔ میری دانست میں اس وقت ذوالفقار علی بھٹو کی بنائی پیپلز پارٹی ملک میں ''انقلابی'' تبدیلیاں لانا چاہ رہی تھی۔ میں اپنے محلے میں پیپلز پارٹی کے ایک حامی کی دوکان پر کئی گھنٹے بیٹھ کر انتخابی فہرست کا جائزہ لیتے ہوئے وہ ''پرچیاں'' لکھتا جن کے ذریعے محلے کے مکینوں کو اطلاع دی جاتی ہے کہ ان کا ووٹ نمبر کیا ہے اور اسے بھگتانے کیلئے انہیں انتخاب کے روز کونسے پولنگ سٹیشن جانا ہوگا۔ تقریباً ایک ہفتے تک میں نے بلا معاوضہ گھنٹوں اس مشقت کی نذر کئے۔

ہمارے ہاں یہ فرض کر لیا گیا ہے کہ 18 سال کی عمر میں داخل ہوا نوجوان ناپختہ ذہن کا حامل ہوتا ہے۔ اس عمر کا نوجوان اگر کوئی جرم کرلے تو اسے ''نابالغ'' اور ''معصوم'' سمجھ کر معاف نہیں کیا جائے گا۔ اس کی گواہی بھی عدالت میں قابل شنوائی ہے۔ وہ جائیداد خریدنے اور بیچنے کا حق دار ہے اور شادی کے بعد گھر کی ذمہ داری سنبھالنے کے قابل بھی۔ اسے محض ووٹ دینے کے لئے نااہل قرار دینا درحقیقت ہماری اشرافیہ کے ذہنوں میں گھسا یہ خوف ہے کہ ان کی پالیسیوں کو ''ناپختہ ذہن'' سراہنے کے قابل نہیں۔ اس عمر کے نوجوان ''شرپسند'' سیاسی جماعتوں کے سوشل میڈیا کی بدولت بنائے بیانیے سے ''گمراہ'' ہو جاتے ہیں۔ (بشکریہ، روزنامہ نوائے وقت)

32 نئے انتظامی یونٹس کا فارمولا

پاکستان میں نئے صوبوں کی بحث جاری ہے۔ کچھ دوستوں کی رائے کہ موجودہ چار صوبوں کو ایک مقدس حیثیت حاصل ہے اس لیے ان سے چھیڑ چھاڑ ممکن نہیں ہے۔ دوسری رائے یہ ہے کہ آج دنیا میں گورننس کے تقاضے بدل گئے ہیں۔ اس لیے پاکستان کو بڑے بڑے نہیں چھوٹے چھوٹے صوبوں کی ضرورت ہے۔ چھوٹے انتظامی یونٹس عوام کی بہتر خدمت کر سکتے ہیں۔ ایک رائے ہے کہ یہ چار صوبے پاکستان کی بقا کی ضمانت ہیں۔ اگر ان میں ردوبدل کیا گیا تو بقا کو خطرہ ہو جائے گا، دوسری رائے یہ ہے کہ بقا عوام کی فلاح میں ہے، صوبوں میں نہیں۔ عوام کی فلاح اور بہتری کے لیے جو بھی کرنا پڑے کرنا چاہیے۔ اس لیے آج وقت کا تقاضہ ہے کہ ہم ان بڑے بڑے چار صوبوں کی بجائے چھوٹے انتظامی یونٹس کی طرف جائیں۔ اس سے پاکستان کی معاشی ترقی بہتر ممکن ہو سکے گی۔ یہ بات بھی حقیقت ہے کہ پاکستان کی سیاسی جماعتوں نے اٹھارویں ترمیم سے وفاق سے مالی خودمختاری صوبوں کے لیے تو حاصل کر لی۔ لیکن وہ بھی خودمختاری صوبوں سے نیچے مقامی حکومتوں کو دینے کے لیے تیار نہیں۔ پنجاب، سندھ، کے پی اور بلوچستان کہیں بھی کوئی ایسا مقامی حکومتوں کا نظام موجود نہیں جہاں مقامی حکومتیں مالی اور انتظامی طور پر خودمختار نظر آئیں۔ صوبائی حکومتوں نے مالی خودمختاری اسلام آباد سے تو چھین لی ہے لیکن اسے صوبائی حکومتوں میں قید کر لیا ہے۔ کسی بھی صوبے کا کوئی مالی طور پر خودمختار صوبائی فنانس کمیشن موجود نہیں۔ جیسے نیشنل فنانس کمیشن موجود ہے ویسا کوئی بھی صوبائی فنانس کمیشن موجود نہیں۔ صوبائی حکومتیں فنڈز کی مالک بن گئیں اور اختیار کسی کے ساتھ شیئر کرنے کے لیے تیار نہیں ہیں۔ اس لیے اٹھارویں ترمیم کے اصل مقاصد حاصل نہیں ہو سکے ہیں۔ یہ آدھا تیتر اور آدھا بٹیر بن گئی ہے۔ اس لیے اس کا فائدہ کم اور نقصان زیادہ ہوا ہے۔ ایک رائے یہ بھی ہے کہ نئے صوبے بنانا اسٹیبلشمنٹ کا ایجنڈا ہے۔ بھائی کیا پنجاب میں با اختیار بلدیاتی نظام بنانے سے اسٹیبلشمنٹ نے روکا ہوا ہے۔ کتنے سال سے پنجاب میں بلدیاتی نظام ہی موجود نہیں ہے۔ لیکن جہاں ہے وہاں بھی ڈمی ہے۔

کسی بھی صوبے کا بلدیاتی نظام ایسا نہیں کہ اسے ماڈل قرار دیا جا سکے۔ تحریک انصاف نے با اختیار بلدیاتی اور مقامی حکومتوں کا نعرہ لگایا تھا۔ لیکن پہلے ایک نظام بنایا پھر اس میں ترمیم کر کر کے اس کا حلیہ ہی بگاڑ دیا۔ آج وہ ایک ناکارہ نظام بن چکا ہے۔ کیا یہ اسٹیبلشمنٹ کا قصور

زور قلم

مزمل سہروردی

ہے۔ اگر سیاسی جماعتیں با اختیار مقامی حکومتوں کا نظام بنانے کے لیے تیار نہیں تو اس کی ذمے داری اسٹیبلشمنٹ پر تو نہیں ڈالی جا سکتی۔ اب یہ کام بھی اسٹیبلشمنٹ نے تو نہیں کرنا ہے۔ یہ رائے بھی غلط ہے کہ یہ صرف پنجاب کو تقسیم کرنے کی سازش ہے۔ نئے صوبے بنیں تو کسی انصاف کے فارمولہ کے تحت ہی بنیں گے۔ ایسا نہیں ہو سکتا کہ پنجاب میں نئے صوبے بن جائیں سندھ میں نہ بنیں، کے پی میں نہ بنیں، بلوچستان میں نہ بنیں۔ اگر پنجاب آبادی کے لحاظ سے بڑا صوبہ ہے اس لیے اس کے چھوٹے انتظامی یونٹس بننے چاہیے۔ تو بلوچستان رقبہ کے لحاظ سے اتنا بڑا ہے کہ اس کے چھوٹے انتظامی یونٹس بھی ناگزیر ہیں۔ اسی طرح سندھ کی تقسیم کی تو آوازیں پنجاب سے بھی مضبوط ہیں۔ شہری اور دیہی سندھ کی تقسیم کی باتیں تو موجود ہیں۔ اسی طرح اس کے انتظامی یونٹس کی باتیں بھی موجود ہیں۔ ہزارہ صوبے کی تحریک ہمارے سامنے ہے۔ اس لیے تمام صوبوں میں نئے انتظامی یونٹس کے لیے رائے اور دلائل موجود ہیں۔ جو لوگ صوبوں کو مقدس حیثیت دیتے ہیں انہیں سمجھنا چاہیے کہ صوبے مقدس نہیں پاکستان مقدس ہے۔ یہ بھی عجب روش چل نکلی ہے کہ ہم صوبائیت میں صوبوں کو پاکستان سے پہلے رکھنے لگ گئے ہیں۔ سب سے پہلے پاکستان۔ صوبوں کی کوئی حیثیت نہیں ہونی چاہیے۔ صوبے ہمارے پہچان نہیں ہو سکتے۔ ہماری پہچان پاکستان ہے اور پاکستان ہی ہونا چاہیے۔ آج کل یہ تجویز زیر غور ہے کہ پاکستان میں کل 32 ڈویژن موجود ہیں۔ اس لیے پاکستان میں چار صوبوں کو ختم کر کے ہر ڈویژن کو ایک انتظامی یونٹ میں تبدیل کر دیا جائے۔ اس طرح چاروں صوبوں میں ان کے ڈویژن ہی انتظامی یونٹ بن جائیں گے۔ ڈویژن کی سطح پر ایک انتظامی ڈھانچہ پہلے سے موجود ہے۔ اسی انتظامی ڈھانچہ کو صوبائی انتظامی ڈھانچے میں تبدیل کر دیا جائے گا۔ اس طرح پنجاب میں دس ڈویژن ہیں۔ پہلے نو ڈویژن تھے اب گجرات بھی ڈویژن بن گیا تو دس ڈویژن ہو گئے ہیں۔ ان میں لاہور، راولپنڈی، فیصل آباد، گوجرانوالہ، گجرات، سرگودھا، ساہیوال، ملتان، بہاولپور اور ڈیرہ غازی خان شامل ہیں۔ اس طرح پنجاب کے دس انتظامی یونٹ بن جائیں گے۔ اختیارات بھی نچلی سطح تک پہنچ جائیں گے اور لوگوں کے مسائل بھی ان کی دہلیز پر حل ہو سکیں گے۔ ابھی تو ایک فرد اپنے مسئلے کے حل کے لیے اٹک سے لاہور آتا ہے، رحیم یار خان سے بھی لاہور آتا ہے اور ڈیرہ غازی خان سے بھی لاہور آتا ہے۔ اسی طرح سندھ میں بھی سات ڈویژن موجود ہیں۔ سندھ کے دوست جب سندھ کی نئے انتظامی یونٹس میں تقسیم کی بات کی جائے تو جذباتی ہو جاتے ہیں۔ پہلی بات انہیں یہ سمجھنی چاہیے کہ پنجاب سندھ کے حصے کو اپنے اندر شامل کرنے کا خواہاں نہیں۔ سندھ سندھیوں کا ہی ہے۔ نئے انتظامی یونٹس سے سندھ کمزور نہیں مضبوط ہوگا۔ وہاں کے لوگوں کی تقرری بہتر ممکن ہو سکے گی۔ وہاں نئی حکومتیں بنیں گی وہ بھی سندھی ہی ہوں گی کوئی پنجابی حکومتیں وہاں نہیں آ جائیں گی۔ اس لیے اس کو صوبائیت کی نذر سے دیکھنا بند کریں۔ سندھ میں کراچی، حیدرآباد، میرپور خاص، شہید بے نظیر آباد، سکھر، لاڑکانہ اور بھنبھور ڈویژن ہیں۔ اس طرح وہاں ان سات ڈویژن پر انتظامی یونٹس بن جائیں گے۔ سندھ میں کراچی بھی روتا ہے کہ اس کے ساتھ زیادتی ہو رہی ہے اور دیہی سندھ کی بری حالت سب کے سامنے ہے۔ اگر وہاں سات انتظامی یونٹ بن جائیں گے تو بہتر گورننس ممکن ہو سکے گی۔ پیپلز پارٹی کی بھی ایک نہیں کئی حکومتیں بن جائیں گی۔ اسی طرح بلوچستان رقبہ کے لحاظ سے بہت بڑا ہے۔ آبادی بے شک کم ہے۔ لیکن رقبہ اتنا بڑا ہے کہ گورننس عملی طور پر ناممکن ہے۔ کوئٹہ بیٹھ کر تربت پر حکومت ممکن نہیں۔ اس لیے بلوچستان کو چھوٹے انتظامی یونٹس میں تقسیم کرنے سے وہاں ترقی ممکن ہوگی۔ پھر وہاں جو شورش ہے نئے انتظامی یونٹس بننے سے وہ بھی ختم ہو جائے گی۔ بلوچستان میں کوئٹہ، قلات، مکران، نصیر آباد، ژوب، لورالائی اور رخشان ڈویژن ہیں۔ میں سمجھتا ہوں بلوچستان کے سات ڈویژن بننے سے وہاں نہ صرف ترقی ہوگی بلکہ دشمن کی تمام سازشیں بھی خود بخود ناکام ہو جائیں گی۔ یہ پاکستان کا بہترین مفاد ہے۔ اسی طرح کے پی میں بھی سات ڈویژن ہیں۔ ان میں پشاور، مالاکنڈ، مردان، ہزارہ، کوہاٹ، بنوں اور ڈیرہ اسماعیل خان شامل ہیں۔ وہاں دہشت گردی جیسے مسائل کا حل بھی چھوٹے انتظامی یونٹس میں ہی ہے۔ لوگ مقامی سطح پر اپنے امن و امان کے بہتر فیصلے کر سکتے ہیں۔ ترقی بھی بہتر ہو سکے گی۔ ایک رائے یہ بھی ہے کہ پاکستان میں چند خاندانوں کی حکومت ہے۔ حکمرانی ان سے باہر جاتی ہی نہیں ہے۔ نئے چھوٹے انتظامی یونٹ بننے سے نئے حکمران سامنے آئیں گے۔ نئی قیادت سامنے آئے گی۔ خاندانوں کی اجارہ داری ختم ہوگی۔ سیاسی جماعتیں بھی نئی قیادت سامنے لانے پر مجبور ہو جائیں گے۔ جن کا سیاسی کیریئر وزیر پر ختم ہو جاتا تھا وہ بھی وزیر اعلیٰ بن سکیں گے۔ دنیا میں کئی ممالک نے بڑے بڑے صوبوں سے چھوٹے انتظامی یونٹ بنائے ہیں۔ ان کے تجربات کامیاب رہے ہیں۔ پاکستان کو بھی ایسا کرنا چاہیے۔ شائد یہی وقت کی ضرورت ہے۔ (بشکریہ، روزنامہ ایکسپریس)

رقابت کے درمیان مفاہمت کی تلاش

امریکہ کے صدر ڈونلڈ ٹرمپ دو روزہ سرکاری دورہ چین مکمل کر کے وائٹ ہاؤس واپس لوٹ آئے ہیں۔ یہ دورہ نہ صرف عالمی دارالحکومتوں کی توجہ کا مرکز بنا رہا بلکہ اس نے چین اور امریکہ کے مابین سفارتی تعلقات کے اس دور کی یادیں بھی تازہ کر دیں جب دونوں طاقتیں سرد مہری کے باوجود باہمی روابط کو عالمی استحکام کے لیے ناگزیر سمجھتی تھیں۔ صدر ٹرمپ کے ہمراہ ایک طاقتور وفد موجود تھا جس میں اعلیٰ کابینہ اراکین کے علاوہ زراعت، ہوابازی، ٹیکنالوجی اور توانائی کے شعبوں سے تعلق رکھنے والے امریکہ کے ممتاز کاروباری رہنما بھی شامل تھے۔ بیجنگ کا یہ سفر ایسے وقت میں ہوا جب دنیا بے یقینی کے گرداب میں گھری ہوئی ہے۔ خلیج کے ہنگامہ خیز پانی، عالمی تجارت کی کشمکش، اور دو عظیم طاقتوں کے درمیان نازک تزویراتی توازن نے اس ملاقات کو غیر معمولی اہمیت عطا کر دی۔ چین کی قیادت کے مرکز ژونگ نان ہائی میں ہونے والی گفتگو محض دو ممالک کے باہمی تعلقات تک محدود نہ رہی بلکہ اس کے اثرات عالمی نظام کے مستقبل پر بھی مرتب ہوتے دکھائی دیے۔ صدر ٹرمپ اور چینی صدر شی جن پنگ کے درمیان ہونے والی سنجیدہ اور محتاط بات چیت میں کئی اہم امور زیر بحث آئے۔ خلیج کی کشیدہ صورتِ حال، جہاں ایران سے متعلق تنازعات کے باعث آبنائے ہرمز کے ذریعے تیل کی آزادانہ ترسیل خطرات سے دوچار ہو چکی ہے، خصوصی توجہ کا مرکز رہی۔ اطلاعات کے مطابق دونوں ممالک نے اس امر پر اتفاق کیا کہ عالمی تجارت کے لیے سمندری راستوں کا کھلا رہنا ناگزیر ہے، کیونکہ اگر تیل کی ترسیل متاثر ہوئی تو توانائی کی قیمتوں میں اضافہ اور رسد کی قلت عالمی معیشت کو مزید بحرانوں میں دھکیل سکتی ہے۔ یہ تاثر بھی ابھرا کہ دونوں قیادتیں اس بات پر متفق ہیں کہ کسی بھی فریق کو ایسے ایٹمی ہتھیار حاصل کرنے کی اجازت نہیں دی جا سکتی جو خطے کی کشیدگی میں مزید اضافہ کریں۔ اگرچہ اس اتفاق رائے سے وقتی طور پر عالمی منڈیوں کو اطمینان ملا ہے، مگر پس منظر میں موجود تنازعات بدستور اپنی جگہ قائم ہیں۔ تجارت اور اقتصادی تعاون بھی مذاکرات کا ایک اہم ستون رہے۔ صدر ٹرمپ نے دونوں ممالک کے لیے ''شاندار تجارتی

مہمان کالم

محمد محسن اقبال

معاہدوں'' کی امید ظاہر کی۔ اشارے ملے ہیں کہ چین امریکی زرعی مصنوعات، خصوصاً سویابین اور گائے کے گوشت کی بڑی مقدار خریدنے پر آمادہ ہو سکتا ہے، جبکہ تقریباً دو سو بوئنگ طیاروں کی خریداری کے امکانات بھی زیرِ غور آئے۔ تجارت اور سرمایہ کاری کے لیے نئے مشترکہ بورڈز قائم کرنے کی تجاویز سامنے آئیں تاکہ مکالمے کا سلسلہ مستقل بنیادوں پر جاری رکھا جا سکے۔ تاہم مبصرین نے اس امر کی نشاندہی کی کہ نہ تو محصولات کے تنازعات پر کوئی انقلابی پیش رفت ہوئی اور نہ ہی ٹیکنالوجی یا نایاب معدنیات کے معاملات میں کوئی بڑا معاہدہ سامنے آیا۔ اس سے یہ اندازہ ہوتا ہے کہ دونوں ممالک فی الحال بڑے انقلابی اقدامات کے بجائے تعلقات میں تدریجی استحکام کو ترجیح دے رہے ہیں۔ امریکی ارب پتی صنعت کاروں کی موجودگی اس حقیقت کو بھی واضح کرتی ہے کہ موجودہ امریکی انتظامیہ سفارت کاری کو معاشی حقیقت پسندی کے ساتھ جوڑنے کی خواہاں ہے، جہاں ریاستی مفادات اور تجارتی تقاضے ایک دوسرے کے ساتھ ہم آہنگ دکھائی دیں۔ تائیوان کا دیرینہ اور حساس مسئلہ بھی مذاکرات میں شامل رہا۔ چینی قیادت نے دوٹوک انداز میں واضح کیا کہ تائیوان ان کے بنیادی قومی مفادات میں شامل ہے، اور بالخصوص امریکی اسلحہ فروخت کے معاملات کسی خطرناک تصادم کو جنم دے سکتے ہیں۔ دوسری جانب امریکی موقف میں آبنائے تائیوان میں امن اور استحکام کی اہمیت پر زور دیا گیا۔ صدر ٹرمپ نے عندیہ دیا کہ زیرِ غور دفاعی پیکج کے بارے میں فیصلے آنے والے ہفتوں میں احتیاط سے کیے جائیں گے۔ اگرچہ اس معاملے میں کوئی غیر معمولی پیش رفت نہ ہو سکی، تاہم کھلے انداز میں تبادلۂ خیال خود ایک مثبت پیش رفت سمجھی جا رہی ہے، کیونکہ یہی مکالمہ اختلافات کو تصادم میں بدلنے سے روک سکتا ہے۔ ان مخصوص معاملات سے ہٹ کر یہ دورہ دونوں عظیم طاقتوں کے تعلقات کے وسیع تر تناظر میں بھی غیر معمولی اہمیت رکھتا ہے۔ رسمی ملاقاتوں کے ساتھ ساتھ کئی علامتی اقدامات نے بھی ماحول کو خوشگوار بنایا۔ ایک پرتکلف ضیافت میں باہمی احترام کے جذبات کا اظہار کیا گیا، صدر ٹرمپ نے تاریخی ''باغیچے'' کا دورہ کیا جس نے چینی تہذیب و ثقافت کے اعتراف کا تاثر دیا، جبکہ صدر شی جن پنگ کو ستمبر میں وائٹ ہاؤس آنے کی دعوت بھی دی گئی۔ ایسی شخصی سفارت کاری کو بعض حلقے محض رسمی انداز سمجھتے ہیں، مگر تاریخ گواہ ہے کہ عالمی سیاست میں ذاتی تعلقات کئی مرتبہ پیچیدہ مذاکرات کو آسان بنانے کا ذریعہ بن جاتے ہیں۔ معتبر اخبارات اور بین الاقوامی جرائد کے تجزیے اس سربراہی ملاقات کو محتاط امید کی علامت قرار دے رہے ہیں یعنی ایسی پیش رفت جو تعلقات میں اچانک انقلاب کے بجائے پیش بینی اور استحکام کو فروغ دے سکتی ہے۔ صدر ٹرمپ کی واپسی کے بعد عالمی مبصرین ان اشاروں کا بغور جائزہ لے رہے ہیں جو مستقبل کی سمت متعین کر سکتے ہیں۔ اقتصادی اعتبار سے اگر طے شدہ تجارتی اقدامات عملی شکل اختیار کرتے ہیں تو امریکی کسانوں، صنعت کاروں اور برآمد کنندگان کو خاطر خواہ فائدہ پہنچ سکتا ہے، بشرطیکہ سیاسی عزم برقرار رہے۔ خلیج میں اگر مشترکہ سفارتی کوششیں کامیاب ہوئیں تو توانائی کی ترسیل زیادہ مستحکم ہو سکتی ہے، جس سے دنیا بھر کے صارفین اور صنعتوں کو حالیہ غیر یقینی صورتِ حال سے نجات ملنے کی امید پیدا ہوگی۔ تاہم ٹیکنالوجی اور بحرالکاہل کے خطے میں اسٹریٹجک مسابقت غالباً اپنی موجودہ شکل میں جاری رہے گی، جہاں دونوں ممالک ایک دوسرے سے محتاط فاصلہ رکھتے ہوئے اپنے مفادات کے تحفظ کی کوشش کرتے رہیں گے، لیکن براہ راست تصادم سے بھی گریز کریں گے۔ تاریخ ہمیں یہ سبق دیتی ہے کہ عظیم طاقتوں کے تعلقات ایک ہی ملاقات یا ایک ہی معاہدے سے تبدیل نہیں ہو جاتے۔ یہ دورہ اگرچہ علامتی اعتبار سے بھرپور اور عملی نتائج کے لحاظ سے محتاط تھا، لیکن اس نے چین اور امریکہ کے تعلقات کے اُس طویل داستانی سفر میں ایک اہم باب کا اضافہ ضرور کیا ہے، جو مسابقت کے ساتھ ساتھ باہمی انحصار سے بھی عبارت ہے۔ اب جب واشنگٹن اور بیجنگ آنے والے مہینوں میں اپنی نئی حکمتِ عملیوں کی سمت متعین کریں گے تو دنیا کی نظریں اس بات پر مرکوز رہیں گی کہ بیجنگ میں ہونے والے یہ وعدے اور مفاہمتیں کیا واقعی دیرپا استحکام میں ڈھل پاتی ہیں یا نہیں۔ فی الحال تجربہ کار سفارت کاروں اور عالمی تجزیہ نگاروں کی غالب رائے یہی ہے کہ دونوں ممالک کے تعلقات کے ہنگامہ خیز سمندر میں وقتی سکون ضرور آیا ہے، مگر پائیدار تعاون کی دشوار منزل ابھی باقی ہے۔ عالمی سیاست کے وسیع افق پر اکثر وہی قدم دیرپا ثابت ہوتے ہیں جو شور و غوغا کے بجائے تدبر، تحمل اور مسلسل حکمتِ عملی کے ساتھ اٹھائے جائیں۔

عیدالاضحیٰ معاشی گردش کا بڑا وسیلہ بھی ہے

عیدالاضحیٰ صرف ایک مذہبی تہوار نہیں بلکہ ایثار، اطاعت، محبت، مساوات اور معاشی گردش کا عظیم درس بھی ہے۔ یہ وہ مبارک موقع ہے جب مسلمان سنتِ ابراہیمیؑ کی پیروی کرتے ہوئے اپنی محبوب چیز اللہ کی رضا کے لیے قربان کرتے ہیں۔ افسوس یہ ہے کہ جدید دور میں کچھ لوگ قربانی کو صرف گوشت، اخراجات یا جانور ذبح کرنے تک محدود کر کے دیکھتے ہیں جبکہ حقیقت اس سے کہیں زیادہ وسیع اور گہری ہے۔ قربانی دراصل ایک ایسی عبادت ہے جس کے روحانی، سماجی اور معاشی فوائد پورے معاشرے پر اثر انداز ہوتے ہیں۔ ہمارے معاشرے میں لبرلز کا ایک مخصوص طبقہ اکثر یہ سوال اٹھاتا دکھائی دیتا ہے کہ قربانی پر لاکھوں اور اربوں روپے خرچ کرنے کے بجائے یہ رقم غریبوں میں تقسیم کیوں نہ کر دی جائے؟ بظاہر یہ بات بہت دلکش محسوس ہوتی ہے لیکن اگر گہرائی سے دیکھا جائے تو یہ سوچ مذہبی شعائر کی اصل روح سے ناواقفیت کا نتیجہ ہے۔ اسلام صرف خیرات کا مذہب نہیں بلکہ توازن کا دین ہے۔ نماز، روزہ، زکوٰۃ، حج اور قربانی سب اپنی اپنی جگہ اہم عبادات ہیں۔ کسی ایک عبادت کو دوسری عبادت کے مقابل لا کھڑا کرنا دانشمندی نہیں۔ قربانی کا اصل مقصد محض گوشت حاصل کرنا نہیں بلکہ اللہ تعالیٰ کے حکم کے سامنے سر

صدا بصحرا



رفیع صحرائی

تسلیم خم کرنا ہے۔ قرآنِ مجید میں واضح فرمایا گیا کہ اللہ کو نہ جانوروں کا گوشت پہنچتا ہے اور نہ خون، بلکہ اس کے حضور بندوں کا تقویٰ پہنچتا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ صاحبِ استطاعت مسلمان دنیا بھر میں اس فریضے کو عقیدت اور محبت سے ادا کرتے ہیں۔ اگر قربانی کو صرف معاشی زاویے سے بھی دیکھا جائے تو اس کے حیران کن فوائد سامنے آتے ہیں۔ عیدالاضحیٰ کے دنوں میں پاکستان سمیت کئی مسلم ممالک میں اربوں روپے کی معاشی سرگرمیاں جنم لیتی ہیں۔ دیہاتوں میں سال بھر جانور پالنے والے کسانوں کو مناسب آمدنی ملتی ہے۔ چارہ اگانے والے، جانوروں کی خرید و فروخت کرنے والے بیوپاری، ٹرانسپورٹر، مزدور، قصائی، کھالوں کا کاروبار کرنے والے، چمڑے کی صنعت سے وابستہ افراد، حتیٰ کہ برف، مصالحہ جات اور دیگر اشیائے خورونوش بیچنے والوں تک، سب کی آمدنی میں اضافہ ہوتا ہے۔ گویا قربانی ایک ایسا معاشی پہیہ چلاتی ہے جس سے لاکھوں خاندانوں کے گھروں کے چولہے جلتے ہیں۔ ہمارے دیہی علاقوں میں بے شمار ایسے غریب خاندان موجود ہیں جن کی سال بھر کی امیدیں قربانی کے سیزن سے وابستہ ہوتی ہیں۔ ایک کسان کئی ماہ تک محنت سے جانور پالتا ہے تاکہ عید کے موقع پر اچھی قیمت مل سکے۔ یہی رقم اس کے بچوں کی تعلیم، گھر کے اخراجات، قرضوں کی ادائیگی اور آئندہ فصل کی تیاری میں کام آتی ہے۔ اگر قربانی کا سلسلہ ختم ہو جائے تو دیہی معیشت کا ایک بڑا حصہ متاثر ہو سکتا ہے۔ اسی طرح قربانی معاشرتی مساوات کا بھی خوبصورت منظر پیش کرتی ہے۔ ایک طرف امیر اپنے جانور قربان کرتے ہیں تو دوسری طرف غریبوں کے گھروں میں بھی گوشت پہنچتا ہے۔ ایسے لاکھوں افراد جو مہنگائی کی وجہ سے سارا سال گوشت خریدنے کی استطاعت نہیں رکھتے وہ عیدالاضحیٰ پر عزت اور احترام کے ساتھ یہ نعمت حاصل کرتے ہیں۔ اسلام نے قربانی کے گوشت کی تقسیم کا تصور دے کر انسانیت، بھائی چارے اور احساسِ ذمہ داری کو فروغ دیا ہے۔ بدقسمتی سے سوشل میڈیا کے دور میں بعض لوگ مذہبی شعائر کے خلاف شکوک و شبہات پیدا کرنے کی کوشش کرتے ہیں۔ کبھی قربانی کو جانوروں پر ظلم کہا جاتا ہے اور کبھی اسے فضول خرچی قرار دیا جاتا ہے۔ حیرت کی بات یہ ہے کہ یہی لوگ دنیاوی آسائشوں، مہنگی گاڑیوں، قیمتی موبائل فونز، پرتعیش شادیوں اور بے مقصد تقریبات پر اٹھنے والے اخراجات پر خاموش رہتے ہیں۔ اگر لاکھوں روپے کی ایک شادی یا کروڑوں روپے کی لگژری زندگی قابلِ اعتراض نہیں تو پھر اللہ کی رضا کے لیے کی جانے والی قربانی پر اعتراض کیوں؟ حقیقت یہ ہے کہ قربانی صرف جانور ذبح کرنے کا نام نہیں بلکہ اپنی خواہشات، انا، تکبر اور خودغرضی کو قربان کرنے کا سبق بھی ہے۔ یہ انسان کو یاد دلاتی ہے کہ اللہ کے حکم کے سامنے سب کچھ ہیچ ہے۔ یہی جذبہ قوموں کو مضبوط بناتا اور معاشروں میں اخوت پیدا کرتا ہے۔ ضرورت اس امر کی ہے کہ ہم اپنی نئی نسل کو قربانی کی اصل روح سے آگاہ کریں۔ انہیں بتایا جائے کہ یہ محض رسم نہیں بلکہ ایک عظیم عبادت، معاشی تعاون اور سماجی فلاح کا حسین امتزاج ہے۔ اگر ہم قربانی کے فلسفے کو سمجھ لیں تو احساس ہوگا کہ اسلام کا ہر حکم انسانیت کی بھلائی اور معاشرے کی بہتری سے جڑا ہوا ہے۔ بلاشبہ عیدالاضحیٰ دولت کی گردش کا ایک بڑا ذریعہ بھی ہے اور روحانی تربیت کا بہترین وسیلہ بھی۔ یہ تہوار ہمیں سکھاتا ہے کہ اللہ کی راہ میں دیا جانے والا مال کبھی ضائع نہیں ہوتا بلکہ پورے معاشرے کے لیے خیر، برکت اور خوشحالی کا سبب بنتا ہے۔

افسانہ...... (اکبر الٰہ آبادی)

اک بحرِ بے کراں ہے حوادث کا سلسلہ
الجھا جو ذہن اس میں وہ دیوانہ ہو گیا
اٹھے مورخین زمانے میں گم ہوئے
افسانہ گو جو تھا وہ خود افسانہ ہو گیا

الطاف حسن قریشی بھی چل بسے!

نامور بزرگ صحافی اور موقر جریدے ماہنامہ ''اردو ڈائجسٹ'' لاہور کے بانی مدیر اعلیٰ محترم الطاف حسن قریشی اللہ کو پیارے ہو گئے۔ اللہ کریم ان کی مغفرت فرمائیں اور درجات بلند کریں۔ بلاشبہ وہ ایک بہت بڑی شخصیت اور ایک ایسے اخبار نویس تھے جنہیں رجحان ساز (Trend selter) کہا جا سکتا ہے۔ میرا اُن سے کب سے غائبانہ تعلق قائم ہوا، اس بارے میں میرے ذہن کے نہاں خانے میں اتنی باتیں اور یادیں موجود ہیں کہ ان کو ترتیب سے بیان کرنا اور سمیٹنا آسان نہیں۔ گزشتہ صدی کے ساٹھ کے عشرے کے ابتدائی برسوں میں انہوں نے اپنے بڑے بھائی ڈاکٹر اعجاز حسن قریشی کے ساتھ مل کر معروف انگریزی ماہنامے ''ریڈرز ڈائجسٹ'' کے انداز میں اردو زبان میں لاہور سے ماہنامہ ''اردو ڈائجسٹ'' کی اشاعت کا آغاز کیا تو پھر آسمان صحافت پر وہ ایسے چھا گئے کہ ان کے بغیر اردو صحافت کا ذکر مکمل نہیں ہو سکتا۔ بلاشبہ وہ بہت بڑے صحافی، اعلیٰ پائے کے مدیر، بلند فکر تجزیہ نگار اور اونچے درجے کے کالم نگار تھے۔ ان کی تحریروں اور ان کے تجزیوں سے اختلاف کیا جا سکتا تھا لیکن ان میں حقائق کا جو بیان، دلیل اور منطق کی جو قوت، گہرے مطالعے اور مشاہدے کا جو عکس، تاریخ و تہذیب کا جو شعور، حسنِ تحریر کا جو کمال اور حالاتِ حاضرہ پر ان کی جو گرفت پائی جاتی تھی وہ ان کی تحریروں اور تجزیوں کی ایسی خوبیاں ہیں جو کم ہی لوگوں کے حصے میں آئی ہوں گی۔ بلاشبہ وہ اسلام، نظریہ پاکستان اور پاکستان کے نظریاتی اور اسلامی تشخص سے گہری وابستگی رکھتے تھے اور اس بنا پر ان کی زیر ادارت شائع ہونے والے جریدوں جن میں ماہنامہ ''اردو ڈائجسٹ لاہور''، ہفت روزہ زندگی لاہور اور روزنامہ جسارت، ملتان شامل ہیں میں ان پہلوؤں کو بطورِ خاص اجاگر کیا جاتا رہا۔ اس طرح وہ ایک ایسے موقر اخبار نویس کے طور پر سامنے آئے جن کے نزدیک پاکستان میں اسلامی نظام کے نفاذ، فکرِ اسلامی کے احیاء، قراردادِ مقاصد کی روشنی میں اسلام اور نظریہ پاکستان کی ترویج و اشاعت، پاکستان کی جغرافیائی اور نظریاتی سرحدوں کی حفاظت اور پاکستان میں آئین و قانون کی بالادستی کو سب سے بڑھ کر اہمیت حاصل تھی۔ اس بنا پر پاکستان میں دائیں بازو کی سیاسی اور دینی سیاسی جماعتوں جن میں سید ابوالاعلیٰ مودودی کی جماعت اسلامی زیادہ نمایاں سمجھی جا سکتی ہے کی حمایت

سلسلہ روز و شب



ساجد حسین ملک

sajidmalik1945@gmail.com

اور تائید ہی ان کے حصے میں نہ آئی بلکہ بائیں بازو کی سیاسی جماعتوں جن میں جناب ذوالفقار علی بھٹو مرحوم کی پیپلز پارٹی سرِ فہرست سمجھی جا سکتی ہے کی مخالفت میں بھی وہ پیش پیش رہے۔ خیر یہ باتیں اپنی جگہ اہم ہیں لیکن ان سے بڑھ کر ان کی شخصی خوبیاں اور صحافت میں ان کے بلند و بالا مقام ایسا ہے جو باقی تمام باتوں پر حاوی ہے۔ محترم الطاف حسن قریشی صاحب مرحوم سے اپنے غائبانہ تعلق اور ان سے ایک طرح کے لگاؤ اور احترام کے نیازمندانہ رشتے کے بارے میں لکھتے ہوئے مجھے یاد پڑتا ہے کہ پچھلی صدی کے ساٹھ کے عشرے کے 1964 کے جون یا جولائی کا مہینہ ہوگا جب پہلی بار قریشی برادران ڈاکٹر اعجاز حسن قریشی مرحوم اور محترم الطاف حسن قریشی مرحوم کے زیرِ ادارت چھپنے والے رسالے ماہنامہ ''اردو ڈائجسٹ'' سے میرا تعارف ہوا۔ میں نے برادرِ مکرم و محترم عرفان صدیقی صاحب مرحوم و مغفور کی معیت میں ایف اے کا امتحان دے رکھا تھا۔ عرفان صاحب کی دوستی اور رفاقت میرے لیے ہمیشہ ایک قیمتی سرمایہ رہی۔ اس سے جہاں میں نے بہت سارے اثرات قبول کیے کہ وہاں میرے کتب و رسائل و جرائد کے مطالعے کی عادت میں مزید پختگی و وسعت پیدا ہوئی۔ اس دور کے ایک دو بڑے اخبارات تو میں باقاعدگی سے پڑھا کرتا تھا۔ اس کے ساتھ نسیم حجازی اور اس طرح کے مصنفین کے ناول پڑھنا بھی میرے لیے لگاؤ کا باعث تھا۔ اسی دوران عرفان صاحب کی وساطت سے ''اردو ڈائجسٹ'' سے میرا تعارف ہوا۔ جیسا میں نے اوپر لکھا یہ 1964 کے جون یا جولائی کا مہینہ تھا۔ ''اردو ڈائجسٹ'' کے سالنامے کا شمارہ جس میں جماعت اسلامی کے امیر سید ابوالاعلیٰ مودودی کا انٹرویو چھپا تھا پڑھنے کو ملا۔ وہ دن اور آج کا دن ''اردو ڈائجسٹ'' سے ایسا تعلق قائم ہوا کہ میرے گھرانے کی تیسری نسل تک کے افراد میں یہ تعلق برقرار ہے۔ جون، جولائی 1964 کا ''اردو ڈائجسٹ'' کا شمارہ مجھے یاد ہے کہ ایک لاکھ سے زائد کی تعداد میں چھپا۔ ایک ماہنامے کا اس دور میں اتنی تعداد میں چھپنا بلاشبہ ایک کمال ہی سمجھا جا سکتا تھا۔ اس کمال کی بڑی وجہ اس میں شامل الطاف حسن قریشی صاحب کا مولانا سید ابوالاعلیٰ کا انٹرویو تھا۔ اس انٹرویو کے مندرجات الطاف حسن قریشی صاحب کی تصنیف ''پیارے مولانا'' جو الطاف صاحب مرحوم کے پوتے ایقان حسن قریشی نے مرتب کی ہے میں شامل ہیں۔ خیر میں بتا رہا تھا کہ میں ''اردو ڈائجسٹ'' کا خریدار اور قاری بنا تو میرے بھائی بہنیں بھی اس کا مطالعہ کرنے لگے۔ میرا بیٹا سعد عثمان ملک پچھلے ایک آدھ عشرے سے اس کا سالانہ خریدار ہے اور ہر ماہ ڈاک کے ذریعے یہ رسالہ ہمارے گھر پہنچ جاتا ہے۔ ماہنامہ ''اردو ڈائجسٹ'' کی کیا خاص یا خوبی ہے یا رہی ہے اور اب بھی ہے اس کا پوری طرح احاطہ کرنا یہاں ممکن نہیں۔ قریشی برادران محترم ڈاکٹر اعجاز حسن قریشی اور محترم الطاف حسن قریشی اور مختلف اوقات میں اس سے وابستہ ادارتی ٹیم کے ارکان نے بلا شبہ خونِ جگر سے اس کی آبیاری کی۔ ڈاکٹر اعجاز حسن قریشی مرحوم صدرِ مجلس تھے تو محترم الطاف حسن قریشی مدیر مسؤل، جناب الطاف حسن قریشی کے ''کچھ اپنی زبان میں'' کے عنوان کے تحت لکھے ہوئے اداریے، ''ہم کہاں کھڑے ہیں'' کے عنوان سے حالاتِ حاضرہ کو سامنے رکھ کر قومی معاملات و مسائل کے بارے میں مفصل تجزیاتی مضامین جہاں ''اردو ڈائجسٹ'' کی پہچان رہے ہیں وہاں محترم الطاف حسن قریشی کے نامور قومی اور ملی شخصیات کے انوکھے انداز میں لیے گئے انٹرویو بھی ''اردو ڈائجسٹ'' کی خاص پہچان رہی ہے۔ ''اردو ڈائجسٹ'' کے بارے میں مزید بہت کچھ لکھا جا سکتا ہے۔ بلاشبہ مرحوم قریشی برادران کا پینسٹھ، ستر سال قبل لگایا ہوا پودا ایک تن آور درخت کی صورت میں موجود نہیں ہے بلکہ اپنے دور کا ایک ایسا رجحان ساز (Trend Selter) جریدہ بھی ثابت ہوا کہ اس کی دیکھا دیکھی کئی اور ڈائجسٹ بھی منصۂ شہود پر آئے۔ مرحوم قریشی برادران کا ایک اور کمال یہ بھی تھا کہ انہوں نے ''زندگی'' کے نام سے ایک ہفت روزہ نکالا۔ بزرگ صحافی اور سینیئر مدیر جناب مجیب الرحمٰن شامی جن کا اس وقت عنفوانِ شباب تھا، اس کے ایڈیٹر مقرر ہوئے اور اس مجلے نے اشاعت کے ریکارڈ قائم کیے۔ جناب الطاف حسن قریشی اپنے نظریات و افکار پر کاربند رہنے والی شخصیت تھے۔ یہی وجہ ہے کہ جناب ذوالفقار علی بھٹو کے دورِ حکومت میں انہیں اپنے برادرِ بزرگ ڈاکٹر اعجاز حسن قریشی اور اپنے رفیقِ کار محترم مجیب الرحمٰن شامی کے ہمراہ قید و بند کی صعوبتیں بھی برداشت کرنی پڑیں لیکن ان کے پائے اثبات میں لغزش نہ آئی۔ جناب الطاف حسن قریشی اب اس دنیا میں موجود نہیں ہیں تاہم میں سمجھتا ہوں کہ ان کی تصانیف، قلمی نگارشات اور ان کا لگایا ہوا پودا ''اردو ڈائجسٹ'' جہاں ان کے نام کو زندہ رکھیں گے وہاں ان کی شخصیت کے منفرد پہلو جن میں علمی وجاہت کے ساتھ متانت، اصول پسندی، شکرگزاری اور قدر افزائی کے پہلو نمایاں تھے وہ بھی ان کے ذکر کو قائم دائم رکھیں گے۔ آخر میں ان کے لیے مغفرت کی دعا کے ساتھ یہی کہا جا سکتا ہے کہ سبزۂ نورستہ ان کی لحد پر شبنم افشانی کرتا رہے۔

نائب وزیراعظم اسحاق ڈار سے امارات میں پاکستانی سفیر شفقت علی خان ملاقات کر رہے ہیں

سی پیک پاک چین دوستی کا عملی مظہر ہے، وفاقی وزیر منصوبہ بندی احسن اقبال

اسلام آباد(ممتاز نیوز)وفاقی وزیر منصوبہ بندی، ترقی، اصلاحات وخصوصی اقدامات احسن اقبال نے کہاہے کہ پاکستان اور چین کے درمیان دوستی محض سفارتی تعلقات تک محدود نہیں بلکہ یہ اعتماد، باہمی احترام اور مشترکہ ترقی پر مبنی ایک لازوال شراکت داری (باقی صفحہ 4بقیہ نمبر27)

قومی اسمبلی، پہلے اے آئی فعال پارلیمانی نظام کا اجراء

نظام جدید وڈیجیٹل پارلیمان کی جانب اہم پیشرفت ہے، سپیکر اسمبلی

وزارت آئی ٹی اور این آئی ٹی بی کی معاونت قابل تحسین ہے، ایاز صادق

اسلام آباد(وقائع نگار) قومی اسمبلی میں پہلے اے آئی فعال پارلیمانی نظام کا اجرا کر دیا گیا، اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق نے نظام کے افتتاح کو جدید اور ڈیجیٹل پارلیمان کی جانب اہم پیش رفت قرار دے دیا۔ اسلام آباد میں تقریب سے خطاب کرتے ہوئے سپیکر ایاز صادق نے کہا کہ جدید ٹیکنالوجی وقت کی اہم ضرورت ہے اور اس کے استعمال سے ادارہ جاتی کارکردگی میں نمایاں بہتری آ رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ماضی میں فائلوں کے باعث کام میں تاخیر ہوتی (باقی صفحہ 4بقیہ نمبر38)

مسجد نبویؐ کے امام شیخ علی الحذیفی رواں سال حج خطبہ دیں گے

مکہ مکرمہ (ممتاز نیوز) مسجد نبویؐ کے امام و خطیب شیخ علی الحذیفی کو رواں سال حج کے موقع پر میدان عرفات میں مسجد نمرہ سے خطبہ حج دینے کے لیے مقرر کر دیا گیا ہے۔ سعودی میڈیا کے مطابق خادم الحرمین الشریفین شاہ سلمان بن عبدالعزیز کی جانب سے شیخ علی الحذیفی (باقی صفحہ 4بقیہ نمبر39)

اسلام آباد، سپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق پہلے اے آئی فعال پارلیمانی نظام کا اجرا کر رہے ہیں

این 5 بحالی، ایشیائی انفراسٹرکچر انویسٹمنٹ بینک 32 کروڑ ڈالر قرض دیگا، معاہدے طے

معاہدے پر دستخط سیکرٹری اقتصادی امور حمیر کریم، چیف انویسٹمنٹ آفیسر AIIB کانسٹنٹن لیمیٹووسکی نے کئے

اے آئی آئی بی قابل اعتماد ترقیاتی شراکت دار، منصوبہ پائیدار انفراسٹرکچر نیٹ ورک کو مزید مضبوط بنائیگا، احد چیمہ

اسلام آباد(وقائع نگار) اقتصادی امور ڈویژن اور ایشیائی انفراسٹرکچر انویسٹمنٹ بینک (اے آئی آئی بی) کے درمیان منگل کو پاکستان کے ریزیلیئنٹ ریکوری، بحالی اور تعمیر نو فریم ورک منصوبے کے تحت نیشنل ہائی وے این 5 کی بحالی کے فیز 1A کے لیے 16.320 ملین امریکی ڈالر کے قرض معاہدے پر دستخط کئے گئے۔ یہ منصوبہ نیشنل ہائی وے (این 5) کے اہم حصوں پر مشتمل ہے جو سندھ، پنجاب اور (باقی صفحہ 4بقیہ نمبر28)

بنگلہ دیشی سول سروس افسران کا دورہ نادرا ہیڈکوارٹرز

ترقی کیلئے پاک بنگلہ دیش عزائم مشترک ہیں، چیئرمین نادرا

مستقبل میں تعاون اور روابط جاری رکھنے میں دلچسپی کا اظہار

اسلام آباد(نیوز رپورٹر) بنگلہ دیش سول سروس کے سینئر افسران پر مشتمل 12 رکنی وفد نے نادرا ہیڈکوارٹرز کا دورہ کیا۔ یہ وفد ''پاکستان بنگلہ دیش نالج کوریڈور'' کے تحت ''پالیسی انوویشن'' کی سرگرمیوں کے تحت پاکستان کے مطالعاتی دورے پر آیا ہوا ہے۔ وفد کی قیادت سلمیٰ صدیقہ مہتاب کر رہی تھیں جبکہ ڈائریکٹر جنرل سول سروسز اکیڈمی فرحان عزیز خواجہ بھی ان کے ہمراہ موجود تھے۔ چیئرمین نادرا نے وفد کا پرتپاک استقبال کیا اور انہیں پاکستان کے قومی (باقی صفحہ 4بقیہ نمبر37)

امدادی فلوٹیلا پر اسرائیلی حملہ، پاکستان سمیت 10 ملکوں کی مذمت

گرفتار تمام کارکنوں کو فوری رہا اور ان کے حقوق اور وقار کا مکمل احترام یقینی بنایا جائے، وزراء خارجہ

عالمی برادری کو شہریوں وانسانی امدادی مشنز کے تحفظ کو یقینی بنانا چاہیے، مشترکہ بیان میں مطالبہ

اسلام آباد(ممتاز نیوز) پاکستان سمیت 10 ممالک نے غزہ کے شہریوں کے لیے امداد لے جانے والے گلوبل صمود فلوٹیلا پر اسرائیلی حملوں کی شدید ترین الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ گرفتار تمام کارکنوں کو فوری طور پر رہا اور ان کے حقوق اور وقار کا مکمل احترام یقینی بنایا جائے۔ دفتر خارجہ کے مطابق مشترکہ مذمت کرنے والے ممالک میں پاکستان، ترکیہ، بنگلہ دیش، برازیل، کولمبیا، انڈونیشیا، اردن (باقی صفحہ 4بقیہ نمبر40)

خیبر پختونخوا حکومت کی عید سے قبل تنخواہ اور پنشن ادائیگی

پشاور(بیورو رپورٹ) خیبر پختونخوا حکومت نے سرکاری ملازمین اور پنشنرز کو عیدالاضحیٰ سے قبل بڑا ریلیف دینے کا اعلان (باقی صفحہ 4بقیہ نمبر29)

کراچی، گورنر نہال ہاشمی اٹلی کے قونصل جنرل کو شیلڈ دے رہے ہیں

پنجاب دنیا میں اپنی منفرد پہچان بنا چکا، عظمیٰ بخاری

وزیراعلیٰ مریم نواز نے ورلڈ اربن فورم پر پاکستان کی نمائندگی کی

لاہور(نیوز رپورٹر) صوبائی وزیر اطلاعات و ثقافت عظمیٰ بخاری نے کہا ہے کہ مریم نواز نے ورلڈ اربن فورم پر پاکستان کی نمائندگی کی، ورلڈ اربن فورم کے شرکاء مریم نواز کی دوسالہ کارکردگی پر انتہائی مسرت کا اظہار کرتے نظر آئے، مریم نواز نے فورم کے شرکاء کو دوسال کے دوران اپنی حکومت کے تاریخی منصوبوں سے آگاہ کیا۔ اپنے بیان میں انہوں نے (باقی صفحہ 4بقیہ نمبر30)

وفاقی وزیر احد چیمہ کی موجودگی میں پاک ایشیائی بینک معاہدے کے بعد دستاویزات کا تبادلہ کر رہے ہیں

چین میں پاکستانی سفیر کیلئے بہترین ڈپلومیٹ کا اعزاز

پاک چین تعلقات کو مضبوط بنانے کے اعتراف میں میڈل دیا گیا

بیجنگ (ممتاز نیوز) چین میں پاکستان کے سفیر خلیل ہاشمی کو چینی وزیر خارجہ وانگ ای کی جانب سے بہترین ڈپلومیٹ میڈل سے نوازا گیا۔ وزارت خارجہ بیجنگ میں منعقدہ ایک خصوصی تقریب میں خلیل ہاشمی کو یہ تمغہ پیش کیا گیا، انہیں یہ اعزاز غیر معمولی سفارتی صلاحیتوں اور پاک چین تعلقات کو مضبوط بنانے میں انمول شراکت کے اعتراف (باقی صفحہ 4بقیہ نمبر42)

امریکہ، مسجد پر فائرنگ میں ہلاکتیں 3، دوحملہ آور بھی مارے گئے

واشنگٹن (فارن ڈیسک) امریکا کی ریاست کیلی فورنیا کے شہر سین ڈیاگو کی مسجد میں فائرنگ سے 2 مشتبہ حملہ آوروں (باقی صفحہ 4بقیہ نمبر41)

ہمیں کسی سے بدلہ نہ انتقام لینا ہے، خواجہ سعد رفیق

الزامات لگانے والوں کیخلاف جلد ہتک عزت کی کارروائی ہوگی

لاہور(نیوز رپورٹر) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے سینئر رہنما خواجہ سعد رفیق نے کہا ہے کہ سب جانتے ہیں کہ لگ بھگ پانچ دہائیوں پر محیط سیاسی کیریئر کے دوران طلبہ سیاست سے لے کر قومی سیاست تک ان گنت سیاسی حریف سامنے آئے، شدید اختلاف کے باوجود کسی سے میرا تعلق کبھی خراب نہیں ہوا بلکہ دوطرفہ احترام کا رشتہ برقرار رہا۔ اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ یہ میرا ذاتی مقدمہ نہیں بلکہ بلاتفریق جماعت یا گروہ بندی ہر اس شخص کا مقدمہ ہے (باقی صفحہ 4بقیہ نمبر31)

وزیراعظم سے ناصر اقبال بوسال اور اظہر قیوم ناہرا کی ملاقات

اسلام آباد(وقائع نگار) وزیراعظم محمد شہباز شریف سے اراکین قومی اسمبلی ناصر اقبال بوسال اور اظہر قیوم ناہرا نے ملاقات کی اور اپنے اپنے حلقوں کے امور اور ملک کی مجموعی وسیاسی صورتحال پر تبادلہ خیال کیا۔ منگل (باقی صفحہ 4بقیہ نمبر35)

پاکستان کے روشن مستقبل کیلئے پُرامید ہوں، ملالہ یوسفزئی

لندن(نمائندہ ممتاز) نوبل انعام یافتہ سماجی کارکن ملالہ یوسفزئی کا کہنا ہے کہ پاکستان کے روشن مستقبل کے لیے بہت پُرامید ہوں، نوجوان جدید علوم کے ذریعے وطن کی ترقی کے لیے پُرجوش انداز میں کام کر رہے (باقی صفحہ 4بقیہ نمبر36)

وزیر صحت وچینی ہم منصب ملاقات، تعاون پر گفتگو

اے پی آئی کی مقامی پیداوار کیلئے فوری اقدامات ناگزیر ہیں، مصطفیٰ کمال

اسلام آباد(وقائع نگار) وفاقی وزیر صحت مصطفیٰ کمال نے جنیوا میں ورلڈ ہیلتھ اسمبلی کے موقع پر چین کے وزیر صحت سے ملاقات کی جس میں صحت کے شعبے میں دوطرفہ تعاون اور باہمی دلچسپی کے مختلف امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ وفاقی وزیر صحت نے حالیہ بحران کے دوران پاکستان کی حمایت پر چین کا شکریہ ادا کیا اور دونوں ممالک کے درمیان دیرینہ دوستانہ تعلقات کو سراہا۔ وزارت صحت کی جانب سے جاری بیان کے مطابق ملاقات کے دوران وزیر صحت مصطفیٰ کمال (باقی صفحہ 4بقیہ نمبر43)

کراچی، سینئر صوبائی وزیر شرجیل میمن سندھ اسمبلی میں اظہار خیال کر رہے ہیں

پٹرولیم، جیو سائنسز، معدنی تحقیق میں تعاون بڑھانے پر پاک جاپان اتفاق

جیوسائنس ایڈوانس ریسرچ لیبارٹریز کا قیام دونوں ممالک کے درمیان تعاون کا اہم سنگ میل ہے، وزیر پٹرولیم

جاپان کے سفیر کا جیولوجیکل سروے آف پاکستان میں استقبال، ملاقات میں طویل المدتی سائنسی تعاون کا جائزہ

اسلام آباد (وقائع نگار) پاکستان اور جاپان نے پیٹرولیم، جیوسائنسز، معدنی تحقیق میں تعاون بڑھانے پر اتفاق کیا ہے۔ ذرائع کے مطابق منگل کو وفاقی وزیر پیٹرولیم علی پرویز ملک نے جاپان کے سفیر اکاماتسو شوئچی کا جیولوجیکل سروے آف پاکستان میں استقبال کیا جہاں دونوں ممالک کے درمیان پٹرولیم شعبے بالخصوص جیوسائنسز اور معدنی تحقیق میں تعاون کو مزید فروغ دینے پر اتفاق کیا گیا۔ ملاقات میں پاکستان اور جاپان کے درمیان جیوسائنسز اور معدنی تحقیق کے شعبے میں جاری طویل المدتی سائنسی تعاون کا جائزہ لیا گیا۔ وفاقی وزیر پٹرولیم علی پرویز ملک (باقی صفحہ 4بقیہ نمبر32)

پری حج آپریشن، 98 فیصد عازمین مکہ مکرمہ منتقل

مدینہ منورہ میں پری حج آپریشن کامیابی سے مکمل کرلیا، زاہد سہیل

مدینہ منورہ (ممتاز نیوز) پاکستان نے مدینہ منورہ کے لیے اپنے پری حج فلائٹ آپریشن کا کامیابی کے ساتھ اختتام کر دیا ہے، جس کے تحت مجموعی طور پر 186 پروازوں کے ذریعے 46 ہزار 398 پاکستانی عازمین حج مقدس شہر پہنچے۔ مدینہ منورہ میں اپنا قیام، زیارات اور ریاض الجنہ میں حاضری مکمل کرنے کے بعد 97 فیصد عازمین آرام دہ بسوں کے ذریعے (باقی صفحہ 4بقیہ نمبر34)

ثنا یوسف قتل کیس، ملزم عمر حیات کو سزائے موت سنا دی گئی

اسلام آباد سیشن کورٹ نے فیصلہ سنایا، ملزم کو مختلف دفعات میں 23 سال مجموعی قید، 26 لاکھ جرمانہ

فیصلے سے مطمئن، اللہ کا شکر ہے انصاف ہوا، تمام لوگوں کا شکریہ جنہوں نے ہمارا ساتھ دیا، والدہ مقتولہ ثناء یوسف

اسلام آباد (کورٹ رپورٹر) اسلام آباد کی ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن کورٹ نے ٹک ٹاکر ثناء یوسف کے قتل کیس میں ملزم عمر حیات کو سزائے موت سنا دی، مجرم عمر حیات کو ڈکیتی کی دفعات اور گھر میں گھسنے کی دفعات سمیت 3 دفعات کے تحت مجموعی طور پر 23 سال قید اور 26 لاکھ جرمانے کی سزا سنائی گئی۔ منگل کو ایڈیشنل سیشن جج محمد افضل مجوکہ نے 2 صفحات پر مشتمل فیصلہ جاری کیا۔ فیصلے میں مجرم عمر حیات کو قتل کے الزام میں سزائے موت اور 20 لاکھ روپے جرمانہ عائد کیا گیا ہے۔ عدالت نے فیصلے میں قرار دیا کہ مجرم کو سیکشن 392 کے تحت 10 سال قید اور 2 لاکھ (باقی صفحہ 4بقیہ نمبر44)

چیف جسٹس آئینی عدالت جسٹس امین الدین بنگلہ دیش کے اعلیٰ سول سروس وفد کو شیلڈ دے رہے ہیں

آئینی عدالت کا مقصد تیز انصاف دینا ہے، جسٹس امین

کیسز کا بوجھ کم کرنے کیلئے سرگرم ہیں، چیف جسٹس آئینی عدالت

بنگلہ دیش کے اعلیٰ سول سروس وفد کی ملاقات، آئینی نظام پر بات چیت

اسلام آباد (کورٹ رپورٹر) چیف جسٹس وفاقی آئینی عدالت جسٹس امین الدین خان نے کہا ہے کہ وفاقی آئینی عدالت کے قیام کا بنیادی مقصد تیز رفتار اور موثر آئینی انصاف کی فراہمی ہے، تاکہ مقدمات کا جلد فیصلہ ہو اور آئین کی بالادستی اور عوام کے بنیادی حقوق کا تحفظ یقینی بنایا جا سکے۔ عدالت مکمل عزم، پیشہ ورانہ مہارت اور ادارہ جاتی سنجیدگی (باقی صفحہ 4بقیہ نمبر45)

پنجاب، سموگ وپلاسٹک فری وژن پر سخت عملدرآمد

آئی پی اے کی جانب سے ہزاروں کلو پلاسٹک ضبط، جرمانے عائد

عوام کو محفوظ ماحول کی فراہمی اولین ترجیح ہے، مریم اورنگزیب

لاہور (نیوز رپورٹر) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے سموگ فری اور پلاسٹک فری پنجاب ویژن پر موثر عملدرآمد جاری ہے، آئی پی اے کی جانب سے سنگل یوز پلاسٹک، سموگ اور فصلوں کی باقیات جلانے والوں کے خلاف بھرپور کارروائیاں جاری ہیں۔ ترجمان کے مطابق 15 مئی 2026 کو پنجاب بھر میں 495 کلوگرام سنگل (باقی صفحہ 4بقیہ نمبر33)

چیئرمین پیپلز پارٹی بلاول بھٹو، منظور وٹو کی وفات پر اہلخانہ سے تعزیت کے بعد فاتحہ خوانی کر رہے ہیں

دنیا میں چند ہفتوں کا تیل، "IEA" روسی آئل تک رسائی کا امریکی لائسنس جاری

آبنائے ہرمز میں سپلائی بندش سے تجارتی تیل کے ذخائر تیزی سے ختم ہو رہے ہے، سربراہ انٹرنیشنل انرجی ایجنسی

سمندر میں پھنسے روسی تیل تک رسائی کے لیے 30 دن کا جنرل لائسنس جاری کر رہے ہیں، امریکی وزیرخزانہ

واشنگٹن (ممتاز نیوز) انٹرنیشنل انرجی ایجنسی (IEA) کے سربراہ فاتح بیرل نے خبردار کیا ہے کہ مشرق وسطیٰ کی کشیدگی اور آبنائے ہرمز میں سپلائی کی بندش کے باعث تجارتی تیل کے ذخائر تیزی سے ختم ہو رہے ہیں اور دنیا بھر میں تیل کے تجارتی ذخائر اب صرف چند ہفتوں کے لیے ہی باقی رہ گئے ہیں، ئی ای اے کے ممبر ممالک اپنی قومی ضروریات کے لیے 90 دن کے ذخائر رکھنے کے پابند ہیں، تاہم حالیہ بحران کے (باقی صفحہ 4بقیہ نمبر46)

چیئرمین پیپلز پارٹی بلاول بھٹو کی منظور وٹو مرحوم کی رہائش گاہ آمد، اہلخانہ سے تعزیت

لاہور (نیوز رپورٹر) پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری کی سابق وزیر اعلیٰ پنجاب میاں منظور احمد وٹو کی رہائش گاہ آمد۔ بلاول بھٹو نے سابق وزیراعلیٰ پنجاب میاں منظور احمد وٹو کے انتقال پر اہل خانہ سے اظہار تعزیت اور فاتحہ خوانی کی۔ گورنر پنجاب (باقی صفحہ 4بقیہ نمبر47)

انشورنس سیکٹر میں سرمایہ کاری بڑھانے کا فیصلہ

انشورنس کا نیا بل شہریوں، کاروبار، زراعت کو تحفظ فراہم کریگا، کبیر سدھو

اسلام آباد (کامرس رپورٹر) حکومت کی جانب سے انشورنس سیکٹر میں مقابلے اور سرمایہ کاری بڑھانے کا فیصلہ کیا گیا ہے جس کیلئے قومی اسمبلی میں انشورنس بل مجریہ 2026 پیش کر دیا گیا ہے، بل میں انشورنس سیکٹر میں بڑی اصلاحات تجویز کی گئی ہیں۔ انشورنس سیکٹر کو بیرونی سرمایہ کاری کے لیے مکمل طور پر کھولنے کی بھی تجویز دی گئی ہے۔ نیا قانون 25 سال پرانے (باقی صفحہ 4بقیہ نمبر48)

پی پی اور پی ٹی آئی تعلقات بہتر نہیں ہونگے، فیصل کنڈی

وزیراعلیٰ سہیل آفریدی صوبے کا مقدمہ لڑیں، گورنر کے پی کی گفتگو

اسلام آباد (نمائندہ خصوصی) گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی نے کہا ہے کہ میرا نہیں خیال پیپلز پارٹی اور تحریک انصاف کے تعلقات میں بہتری آئے گی۔ نجی ٹی وی سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ پی ٹی آئی کا رویہ سیاسی ہوگا، پھر شاید تعلقات بہتر ہوسکیں گے، بانی پی ٹی آئی کی رہائی کا مسئلہ سیاسی ہے۔ گورنر خیبر پختونخوا نے کہا کہ وزیراعلیٰ کی 5، 6 بار (باقی صفحہ 4بقیہ نمبر49)

تربت میں شرپسندوں کی فائرنگ، سی ٹی ڈی اہلکار شہید

تربت (این این آئی) بلوچستان کے علاقے تربت میں شرپسندوں کی فائرنگ سے سی ٹی ڈی اہلکار شہید ہوگیا۔ پولیس ذرائع کے مطابق واقعہ ملک آباد کے علاقے میں پیش آیا جہاں شرپسندوں کی فائرنگ سے سی ٹی ڈی اہلکار موقع پر ہی دم توڑ گیا۔ دوسری جانب پولیس حکام نے بتایا کہ شہید اہلکار کی شناخت شبیر احمد آسکانی کے نام سے ہوئی جس کی لاش کو پوسٹ (باقی صفحہ 4بقیہ نمبر51)

اسلام آباد، سینیٹر سلیم مانڈوی والا اور صدر مملکت کے ترجمان مرتضیٰ سولنگی پریس کانفرنس کر رہے ہیں

بیجنگ، دی لیجنڈ آف مولاجٹ کا چینی زبان میں شاندار پریمیئر

اسلام آباد (ممتاز نیوز) پاکستانی فلم دی لیجنڈ آف مولا جٹ کا بیجنگ میں چینی زبان میں شاندار پریمیئر، پاکستان اور چین کے درمیان سینما کے شعبے میں تعاون کا ایک تاریخی (باقی صفحہ 4بقیہ نمبر50)

پنکی کے آن لائن نیٹ ورک سے متعلق نئے انکشافات

لاہور (نیوز رپورٹر) انمول عرف پنکی کے آن لائن آئس فروشی نیٹ ورک سے متعلق نئی تفصیلات سامنے آگئیں۔ ذرائع کے مطابق منشیات کی ترسیل کیلئے غیر قانونی طور پر معروف آن لائن شاپنگ برانڈ کا نام اور بیگز استعمال (باقی صفحہ 4بقیہ نمبر52)

ملک میں رات 12 سے صبح 6 بجے تک سم کارڈز کی فروخت ممنوع

اقدام صارفین کے مفادات کے تحفظ، سموں کے غلط استعمال کی روک تھام کی جانب اہم پیشرفت قرار

پی ٹی اے کا خلاف ورزی پر ٹیلی کام قوانین کے تحت قانونی وانتظامی کارروائی عمل میں لانے کا اعلان

اسلام آباد (نمائندہ خصوصی) پی ٹی اے نے ملک میں غیر قانونی سموں کے اجرا کی روک تھام اور سیکیورٹی نظام کو مزید موثر بنانے کیلئے تمام موبائل فون کمپنیوں پر ملک بھر میں رات 12 بجے سے صبح 6 بجے تک سم کارڈز کی فروخت پر پابندی عائد کر دی، یہ فیصلہ جعلی وغیر قانونی سموں کے استعمال کے بڑھتے خدشات کے پیش نظر کیا گیا ہے تاکہ صارفین کے تحفظ اور شفاف ٹیلی کام نظام کو یقینی بنایا جا سکے۔ پی ٹی اے کے مطابق تمام مجاز فرنچائزز، ریٹیلرز اور دیگر سیل پوائنٹس ان اوقات کار کی پابندی کے ذمہ دار ہوں گے ہدایات کی خلاف ورزی کرنے والوں کے خلاف (باقی صفحہ 4بقیہ نمبر54)

خضدار روڈ سے سابق ڈائریکٹر ایکسائز سندھ اغواء

کراچی/خضدار (ممتاز نیوز) سندھ حکومت کے محکمہ ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن کے سابق ڈپٹی ڈائریکٹر سعید احمد میمن کو بلوچستان کے ضلع سوراب کے علاقے زہری ناکہ (باقی صفحہ 4بقیہ نمبر53)

یوم تکبیر قومی وقار کی علامت ہے، ملک محمد احمد

مودی حکومت اکھنڈ بھارت کے خواب دیکھتی رہی، سپیکر پنجاب

لاہور (نیوز رپورٹر) سپیکر پنجاب اسمبلی ملک محمد احمد خاں نے کہا ہے کہ یوم تکبیر پاکستان کی خودمختاری، دفاعی طاقت اور قومی وقار کی علامت ہے جبکہ پاکستان کے ایٹمی قوت بننے سے جنوبی ایشیا میں طاقت کا توازن قائم ہوا، اگر پاکستان ایٹمی صلاحیت حاصل نہ کرتا تو بھارت خطے میں اپنی بالادستی قائم رکھنے کی کوشش کرتا رہتا۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے علامہ اقبال میڈیکل کالج میں جنرل کیڈرز ڈاکٹرز ایسوسی ایشن کے زیراہتمام یوم تکبیر کے حوالے سے (باقی صفحہ 4بقیہ نمبر55)

سپیکر ملک محمد احمد پاک چین سفارتی تعلقات کی 75 سالہ تقریب کے موقع پر خطاب کر رہے ہیں

انڈیا کیلئے امریکی اپاچی ہیلی کاپٹر سپورٹ سروسز منظور

مرکزی کنٹریکٹر بوئنگ اور لاک ہیڈ مارٹن کمپنیاں ہوں گی، محکمہ خارجہ

واشنگٹن (فارن ڈیسک) امریکی محکمہ خارجہ نے بھارت کے لیے اپاچی ہیلی کاپٹر سپورٹ سروسز اور آلات کی منظوری دے دی۔ ٹھیکے کی مالیت 19 کروڑ 82 لاکھ ڈالر ہے۔ امریکی محکمہ خارجہ کے مطابق مرکزی کنٹریکٹر بوئنگ اور لاک ہیڈ مارٹن کمپنیاں ہوں گی۔ سپورٹ سروسز میں ٹریننگ، سمیولیشن، مینٹی ننس، اسپیئر پارٹس اور دیگر تیکنیکی سروسز شامل ہوتی ہیں (باقی صفحہ 4بقیہ نمبر56)

میانوالی کی داخلی چیک پوسٹ درہ تنگ پر ڈرون حملہ

میانوالی (این این آئی) ضلع میانوالی کی داخلی چیک پوسٹ درہ تنگ پر فتنہ خوارج کا ڈرون حملہ کیمرے کے ذریعے گولے فائر کیے گئے گولے چیک پوسٹ کے دائیں بائیں جانب گرے، چیک پوسٹ کی عمارت اور جوان مکمل طور پر محفوظ رہے ذرائع کے مطابق جیسے ہی ڈرون کی جانب سے حملہ ہوا تو جوان پہلے سے ہائی الرٹ پوزیشن میں تھے انہوں نے جوابی فائرنگ (باقی صفحہ 4بقیہ نمبر57)

ایڈیٹرانچیف وپبلشر عاقل جمال بٹ نے نئی بات پرنٹنگ پریس، پلاٹ نمبر 93 سٹریٹ نمبر 7، انڈسٹریل ایریا آئی نائن تھری، اسلام آباد سے چھپوا کر دفتر روزنامہ ممتاز، پلاٹ نمبر A-8 سٹریٹ نمبر B-1 انڈس بلاک، ممتاز سٹی راولپنڈی، ایم جی سی کمپلیکس، پلاٹ نمبر E-12، جی ایٹ مرکز اسلام آباد سے شائع کیا۔
منیجنگ ایڈیٹر ڈاکٹر احسن طارق بٹ
فون نمبر 051-8437993
فیکس نمبر 051-8357772، ای میل
mumtazisb9@gmail.com